Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

# عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 منگل، 18 اپریل 2023ء، 27 رمضان المبارک 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 11

محسن رضا نقوی نے 50 سے زائد درخواستوں پر 6 کروڑ روپے کے صوابدیدی فنڈ جاری کرنے کی اجازت دے دی جس کے بعد مستحق افراد کے کیسز کلیئر کر دیئے گئے

# نگران وزیر اعلیٰ نے مفت علاج کیلئے موصول ہونے والی درخواستیں نمٹا دیں

زیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر تمام کیسز کیلئے 6 کروڑ روپے استعمال ہوں گے، مفت علاج معالجے کے بیشتر کیسز لیور ٹرانسپلانٹ اور گردوں کے تھے

ایوان وزیر اعلیٰ میں گزشتہ 2 ماہ سے صوابدیدی فنڈ موجود ہونے کے باوجود کیسز التوا کا شکار تھے، وزیر اعلیٰ ہاؤس میں مالی امداد کیلئے مستحق افراد نے درخواستیں جمع کرا رکھی تھیں

لاہور (خبرنگار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن رضا نقوی نے مفت علاج معالجے کیلئے سی ایم آفس کو موصول ہونے والے درخواستیں نمٹا دیں۔ محسن رضا نقوی نے 50 سے زائد درخواستوں پر 6 کروڑ روپے کے صوابدیدی فنڈ جاری کرنے کی اجازت دے دی جس کے بعد مستحق افراد کے کیسز کلیئر کر دیئے گئے، وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر تمام کیسز کیلئے 6 کروڑ روپے استعمال ہوں گے، مفت علاج معالجے کے بیشتر کیسز لیور ٹرانسپلانٹ اور گردوں کے تھے۔ نگران وزیر اعلیٰ محسن رضا نقوی نے اپنا صوابدیدی اختیار استعمال کر کے مختلف کیسز کی چھان بین کے بعد منظوری دی، ایوان وزیر اعلیٰ میں گزشتہ 2 ماہ سے صوابدیدی فنڈ موجود ہونے کے باوجود کیسز التوا کا شکار تھے، وزیر اعلیٰ ہاؤس میں مالی امداد کیلئے مستحق افراد نے درخواستیں جمع کرا رکھی تھیں۔ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن رضا نقوی نے مفت علاج معالجے کیلئے سی ایم آفس کو موصول ہونے والے درخواستیں نمٹا دیں۔ محسن رضا نقوی نے 50 سے زائد درخواستوں پر 6 کروڑ روپے کے صوابدیدی فنڈ جاری کرنے کی اجازت دے دی جس کے بعد مستحق افراد کے کیسز کلیئر کر دیئے گئے، وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر تمام کیسز کیلئے 6 کروڑ روپے استعمال ہوں گے، مفت علاج معالجے کے بیشتر کیسز لیور ٹرانسپلانٹ اور گردوں کے تھے۔ نگران وزیر اعلیٰ محسن رضا نقوی نے اپنا صوابدیدی اختیار استعمال کر کے مختلف کیسز (بقیہ نمبر 1)

## الیکشن کمیشن کو فنڈز دینے کا معاملہ قومی اسمبلی کو بھیجنے کا فیصلہ، وزیر قانون

اٹارنی جنرل، گورنر اسٹیٹ بینک اور آڈیٹر جنرل کو خصوصی طور پر اجلاس میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی

اسلام آباد (خبرنگار) حکومت نے الیکشن کمیشن کو فنڈز دینے کا معاملہ قومی اسمبلی کو بھیجنے کا فیصلہ کر لیا۔ سپریم کورٹ کی ہدایت پر پنجاب میں الیکشن کیلئے فنڈز کی فراہمی کا جائزہ لینے کیلئے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا خصوصی اجلاس ہوا۔ رکن قومی اسمبلی قیصر شیخ (بقیہ نمبر 4)

## عمران دور میں پٹرول 150 روپے تھا، ڈاکو راج نے 282 پر پہنچا دیا، فرح حبیب


عمران خان وزیر اعظم تھا تو پٹرول کی عالمی منڈی میں زیادہ قیمت کے باوجود پاکستان میں 150 روپے لیٹر تھا

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ عمران خان کے دور میں پٹرول 150 روپے لیٹر تھا، ڈاکو راج نے 282 تک پہنچا دیا۔ اپنے بیان میں کہا ہے کہ عمران خان وزیر اعظم تھا تو پٹرول کی عالمی منڈی میں زیادہ (بقیہ نمبر 3)

## اگر عمران خان کو جانی نقصان پہنچایا گیا تو خدشہ ہے ملک ٹوٹ جائے گا، جلیل احمد شرقپوری

عمران خان کی جان کو خطرہ ہے، پاکستان چھوڑ کر بیرون ملک سے انتخابی مہم چلائیں، جلیل احمد شرقپوری

اسلام آباد (خبرنگار) سابق ممبر پنجاب اسمبلی جلیل احمد شرقپوری نے کہا ہے کہ عمران خان پاکستان چھوڑ دیں، یہاں پر آپ کی کوئی ادارہ حفاظت نہیں کر سکتا، وطن عزیز کو بحرانوں میں مبتلا کر دیا گیا ہے، لوگوں کی روٹی پوری نہیں ہو رہی، قومی خزانہ برباد کرنے (بقیہ نمبر 2)



لاہور: بھارتی حکومت نے پلوامہ واقعے کو سیاسی فائدے کیلئے استعمال کیا: وزیر اعظم

سعودی عرب اور یو اے ای کے 3 ارب ڈالر سے آئی ایم ایف کی شرط پوری ہو گئی، فارن ایکسچینج ریزرو کی پوزیشن بہت نازک ہے، شہباز شریف

# پاکستان اس وقت بڑے معاشی چیلنجز سے گزر رہا ہے، وزیر اعظم

مفتی عبدالشکور کی بطور وزیر اس ملک کیلئے بہت خدمات ہیں، حج کیلئے ہمیں جو فارن ایکسچینج چاہیے تھا اس کیلئے وہ وزیر خزانہ سے مسلسل رابطے میں رہے، مفتی عبدالشکور کی وفات پر ہم سب رنجیدہ ہے

مفتی عبدالشکور نے کہا کہ میرا گزارا تنخواہ کے بغیر نہیں ہو سکتا میں حصہ نہیں ڈالوں گا، اب پتہ چلا مفتی صاحب اپنے علاقے میں مسجد کے پیچھے چھوٹے سے گھر میں رہتے تھے، وزیر اعظم شہباز شریف

وفاقی کابینہ نے الیکشن کمیشن کو فنڈز کی فراہمی کی سمری منظور کر لی اور پنجاب انتخابات کیلئے فنڈز کی فراہمی کا معاملہ قومی اسمبلی کو بھیج دیا۔ وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد سمری اب قومی اسمبلی میں پیش کی جائے گی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ پاکستان اس وقت بہت بڑے معاشی چیلنجز سے گزر رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسپیکر راجہ پرویز اشرف کی زیر صدارت قومی اسمبلی کا اجلاس ہوا جس میں وزیر اعظم شہباز شریف نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کو بہت چیلنجز درپیش ہیں، سعودی عرب نے کمال مہربانی سے 2 ارب ڈالر مزید دیئے۔ یو اے ای نے بھی 1 ارب ڈالر دیئے ہیں جس کی تصدیق ہو گئی، یہ آئی ایم ایف کی شرط تھی جو پوری ہو گئی، اس کے باوجود (بقیہ نمبر 5)

## پی ٹی آئی رہنما کی مشروط طور پر الیکشن ایک دن میں کرانے کی پیشکش

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سندھ کے سابق گورنر اور پی ٹی آئی کے رہنما عمران اسماعیل کا کہنا ہے کہ ملک میں الیکشن ایک ساتھ ہونے پر بات چیت ہو سکتی ہے۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 9)

## الخدمت فاؤنڈیشن گوجرخان کی جانب سے مستحق افراد میں مفت راشن تقسیم کا احسن عمل

تنظیم کا مقصد لوگوں تک باعزت طریقہ سے ایک چھت تلے مفت راشن مہیا کرنا ہے، راجہ عمیر

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان الخدمت فاؤنڈیشن گوجرخان کی جانب سے مستحق افراد اور خاندانوں میں مفت راشن اور آٹے کے بیگ تقسیم کیے گئے، اس موقع پر الخدمت فاؤنڈیشن گوجرخان کے صدر راجہ عمیر، قاضی افتخار، زاہد قریشی، قیصر محمود اور دانش محمود نے مفت راشن کے پورے عمل کو احسن (بقیہ نمبر 10)

## اسٹیٹ بینک نے سپریم کورٹ کے حکم پر پنجاب میں انتخابات کیلئے 21 ارب روپے مختص کر دیئے

سپریم کورٹ نے ہدایت دی لیکن فیڈرل کنسولیڈیٹڈ فنڈ حکومت کا ہے، اس سال بجٹ میں الیکشن کے لیے پیسے مختص نہیں کیے گئے ہیں

الیکشن کے لیے فنڈز مختص کر دیئے تاہم یہ پیسے حکومت پاکستان کے ہیں، فنڈ مختص کرنے سے پیسے اکاؤنٹ میں ہی موجود رہیں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) قائم مقام گورنر اسٹیٹ نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے حکم پر پنجاب میں انتخابات کے لیے 21 ارب روپے مختص کر دیئے۔ قائم مقام گورنر اسٹیٹ بینک سیما کامل نے کہا الیکشن کے لیے فنڈز مختص کر دیئے تاہم یہ پیسے حکومت پاکستان کے ہیں۔ فنڈز مختص کرنے سے (بقیہ نمبر 11)



اسلام آباد: مفتی عبدالشکور کی گاڑی کو حادثہ ہوا، دہشت گردی کا پہلو سامنے نہیں آیا: رانا ثناءاللہ

## اسٹیٹ بینک الیکشن کیلئے رقم جاری نہیں کرتا تو پاکستان میں آئین ختم ہو جائے گا، عمران خان

بیرونی اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ بہترین تعلقات تھے، سب کو ہمارے چین، سعودی عرب اور ترکی کے ساتھ رابطوں کا پتہ ہے

ڈونلڈ ٹرمپ اور بورس جانسن کے ساتھ بھی بہترین تعلقات تھے، ان لوگوں کو کون پوچھتا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کی گفتگو

لاہور (یو این پی) لاہور ہائیکورٹ میں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کیخلاف درج 121 مقدمات کے اخراج کیلئے درخواست پر سماعت ہوئی۔ پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان نے لاہور ہائیکورٹ پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کس چیز (بقیہ نمبر 6)

## منسوخ شدہ پرائز بانڈز تبدیل کرانے کی تاریخ میں توسیع

منسوخ شدہ پرائز بانڈز ظاہری مالیت پر بینک کھاتوں میں کیش کرائے جا سکتے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے منسوخ شدہ پرائز بانڈز تبدیل کرانے کی تاریخ 30 جون تک بڑھا دی۔ مرکزی بینک کے مطابق 7500، 15000، 25000 اور 40000 (بقیہ نمبر 12)

## ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن کا الزام، زرتاج گل خاوند سمیت اینٹی کرپشن میں طلب

لاہور (نیوز رپورٹ) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب نے سابق وفاقی وزیر زرتاج گل کو کل 19 اپریل کو صبح 10 بجے دوبارہ طلب کر لیا ہے۔ تحریک انصاف کی رہنما زرتاج گل کو اینٹی کرپشن پنجاب نے اس سے قبل 10 اپریل کو طلب کیا تھا مگر وہ پیش نہ ہوئیں۔ زرتاج گل پر الزام ہے کہ انہوں نے اپنے حلقہ میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے مختلف منصوبوں کے ٹھیکے اپنے فرنٹ (بقیہ نمبر 14)

## ڈی جی پی آر نے پرنٹ میڈیا کو 12 کروڑ 97 لاکھ روپے کی ادائیگی کی گئی ہے

اسی طرح الیکٹرانک میڈیا کو 13 کروڑ آٹھ لاکھ 66 ہزار کی ادائیگی کی گئی ہے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ کے حکم پر ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز (ڈی جی پی آر) نے اشتہارات کی مد میں اخبارات اور چینلز کو 26 کروڑ 6 لاکھ 62 ہزار 828 روپے کی ادائیگی کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان براڈ کاسٹنگ اتھارٹی نے لاہور ہائیکورٹ میں (بقیہ نمبر 13)

## قومی انتخابات پر بات کرنی ہے تو کریں لیکن صوبائی الیکشن ہو کر رہیں گے، فواد چوہدری

پاکستان کی بقاء کیلئے سب کا مل کر بیٹھنا ضروری ہے لیکن آئین کے خلاف ایک میز پر نہیں بیٹھا جا سکتا، میڈیا سے گفتگو

یہ ڈاکو توشہ خانہ کا ریکارڈ بھی غائب کر چکے ہیں، ہائی کورٹ سے گزارش ہے کہ لمبی لمبی تاریخیں نہ دیں بلکہ توشہ خانہ کا ریکارڈ طلب کروائیں

لاہور (خبرنگار) پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ نیشنل الیکشن پر بات کرنی ہے تو کریں لیکن صوبائی الیکشن ہو کر رہیں گے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ میرے خیال میں اب شہباز شریف کو عقل کرنی چاہیے، اب شہباز شریف کی قربانی ہونے جا رہی ہے، اب نہیں بنتا کہ سپریم کورٹ کے سامنے ایسی حرکتیں کی جائیں۔ انہیں اب کسی سے مشورہ کرنا چاہیے انہیں ہر صورت الیکشن کروانے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر الیکشن نہ ہوئے تو پاکستان کی قوم کو اسلام آباد آنا ہوگا، نیشنل الیکشن پر بات کرنی ہے تو کریں لیکن صوبائی الیکشن ہو کر رہیں گے، بائیس کروڑ کی آبادی کا انہوں نے مذاق بنا کر رکھ دیا ہے، پاکستان کی خارجہ پالیسی ناکام ترین ہو چکی ہے اور اس وقت پاکستان کی سلامتی کو خطرہ ہے اس لیے پاکستان کی بقاء کے لیے (بقیہ نمبر 8)

## تھانہ جاتلی کی حدود میں جائیداد کے تنازع پر فائرنگ سے قتل کی لرزہ خیز واردات

فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق 4 کس افراد زخمی 4 کس ملزمان موقع سے فرار

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق سرکل گوجرخان تھانہ جاتلی کے نواحی علاقے موہڑہ گجراں یو سی کنیٹ خلیل میں زمین کے تنازع پر لڑائی میں فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق اور (بقیہ نمبر 7)



اسلام آباد: اسٹیبلشمنٹ کی سیاستدانوں کے درمیان مذاکراتی کوششوں اور بیک ڈور رابطوں کی تردید

## کورونا کے دوران ملنے والے 3 ارب ڈالر سابق حکومت نے آپس میں بانٹ لیے، خواجہ آصف

انہوں نے کہا کہ معاملے کی تحقیقات ہونی چاہئیں، جن لوگوں میں تین ارب ڈالر بانٹے گئے ان کے نام سامنے آنے چاہئیں

قومی اسمبلی اجلاس میں خطاب کے دوران خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ یہ رقم پچھلی حکومت نے اپنے چہیتوں کو قرض پر دی

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ کورونا کے دوران پاکستان کو آسان شرائط پر ملنے والے 3 ارب ڈالر پی ٹی آئی حکومت نے قرض کے نام پر اپنوں میں بانٹے ہوئے ہیں۔ قومی اسمبلی اجلاس میں خطاب کے دوران خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 15)



جھنگ: سیاستدان حکومت یہاں کرتے ہیں اور پیسہ چوری کر کے باہر رکھتے ہیں: چودھری سرور

## وزیر اعظم شہباز شریف کا دبئی میں آتشزدگی کے واقعہ میں تین پاکستانیوں کی موت پر دکھ کا اظہار

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے دبئی میں ایک رہائشی عمارت میں آگ لگنے کے واقعہ میں تین پاکستانیوں کے جاں بحق ہونے پر دکھ اور افسوس اور سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو اپنے ٹویٹ میں (بقیہ نمبر 19)

## ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک محمد نواز جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کمربستہ

منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں 4 کس ملزمان گرفتار

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجرخان جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کمربستہ، گوجرخان میں بڑھتے ہوئے جرائم کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دوں گا جرائم پیشہ عناصر کے لیے (بقیہ نمبر 20)



اسلام آباد: کورونا کے دوران ملنے والے 3 ارب ڈالرز سابق حکومت نے آپس میں بانٹ لیے، خواجہ آصف

## وزیر خزانہ اسحاق ڈار عمرہ کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب چلے گئے

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار عمرہ کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب چلے گئے۔ شیڈول کے مطابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار عید کے بعد واپس آئیں گے، سیاسی صورتحال کے باعث شیڈول میں تبدیلی کا بھی امکان ہے۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار سعودی عرب میں نواز شریف سے (بقیہ نمبر 16)

## دعا ہے کہ اس شب قدر کے صدقے اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں پر رحمتیں نازل فرمائے

لیلۃ القدر مسلمانوں کے درمیان سال کی سب سے زیادہ بافضیلت رات ہے، صاحبزادہ حسین بادشاہ سرکار



اسلام آباد (شاف رپورٹر) شب قدر یا لیلۃ القدر مسلمانوں کے درمیان سال کی سب سے زیادہ بافضیلت رات ہے۔ قرآن احادیث کی روشنی میں یہ رات ہزار مہینوں سے افضل اور برتر ہے۔ اس رات قرآن مجید پر حضرت محمدﷺ کے قلب مطہر پر نازل ہوا۔ اس کے علاوہ یہ رات رحمتوں کے نزول، گناہوں کی مغفرت اور زمین پر ملائکہ کے نزول کی رات ہے۔ بعض شیعہ احادیث کے مطابق اس رات بندوں کے ایک سال کے مقدرات کا تمام زمانہ (بقیہ نمبر 17)

## مذاکرات کیلئے تیار، آئین کے اندر رہتے ہوئے ہوں گے، شاہ محمود قریشی

پی ڈی ایم پہلے اپنی صفیں درست کرے، 14 مئی آئین کی شرط ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے، ہمیں وکلاء سے رائے لینا ہوگی

دو تہائی اکثریت ہے تو آئین میں ترمیم کر لیں، آئین کو تسلیم کیا جائے، آئین کو قبول کیا جائے، اس میں کیا کشیدگی ہے؟

ملتان (خصوصی خبرنگار) پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ہم نے مذاکرات سے کبھی انکار نہیں کیا، خیبرپختونخوا اور پنجاب کا فیصلہ آئینی نوعیت کا ہے، مذاکرات آئین کے فریم ورک کے اندر ہوں گے، 90 روز کے اندر انتخابات آئین ہی کی شق ہے، اس پر (بقیہ نمبر 18)

## پنجاب انتخابات: پی ٹی آئی کا ٹکٹوں کی تقسیم کیلئے پارلیمانی بورڈ تشکیل

پارلیمانی بورڈ کی سربراہی پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کریں گے

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب میں عام انتخابات کے لیے ٹکٹوں کی تقسیم کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے پارلیمانی بورڈ تشکیل دے دیا۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی (بقیہ نمبر 28)

## گورنر سندھ کی عید کے دن پورے کراچی کو لنچ اور عید ملن پارٹی کی دعوت

کراچی (سٹی رپورٹر) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کی عید کے دن پورے کراچی کو لنچ اور عید ملن پارٹی کی دعوت دے دی۔ صوبائی دارالحکومت کراچی میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے 26 ویں روزے کی سحری گلزار ہجری اسکیم 33 میں عوام (بقیہ نمبر 27)

## پارلیمان کی بالادستی ناگزیر ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

پارلیمنٹ عوام کی امنگوں کا ترجمان اور نمائندہ ادارہ ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (خبرنگار) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ عوام کا حقیقی نمائندہ ادارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام چیلنجز کا مقابلہ قانون کی حکمرانی اور پارلیمنٹ کی بالادستی میں مضمر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارلیمان ہی وہ ادارہ ہے جو آئین بناتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج اسلام آباد میں آئین کی گولڈن جوبلی تقریب کے سلسلے میں منعقدہ تقریری (بقیہ نمبر 26)

## اسلام آباد ہائیکورٹ نے شاندانہ گلزار کو دوبارہ مخصوص نشست کیلئے اہل قرار دے دیا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے رہنما پی ٹی آئی شاندانہ گلزار کو دوبارہ مخصوص نشست کیلئے اہل قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ نے شا (بقیہ نمبر 23)

## پارلیمنٹ اجتماعی دانش کی نمائندگی کرتی ہے، راجہ پرویز اشرف

تمام چیلنجز کا حل آئین اور پارلیمنٹ کی بالادستی سے ہی ممکن ہے، سپیکر قومی اسمبلی

آئین کی ڈائمنڈ جوبلی کی تقریبات کے سلسلے میں تقریری مقابلہ کا فائنل راؤنڈ منعقد کیا گیا

اسلام آباد (نامہ نگار) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ اجتماعی دانش کی نمائندگی کرتی ہے۔ تمام چیلنجز کا حل آئین اور پارلیمنٹ کی بالادستی سے ہی ممکن ہے، آئین ہی ہے جو آئین کی بالادستی فراہم کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں آئین کی گولڈن جوبلی (بقیہ نمبر 21)

## سیاستدان حکومت یہاں کرتے ہیں اور پیسہ چوری کر کے باہر رکھتے ہیں، چوہدری سرور

سابق گورنر پنجاب چوہدری سرور نے کہا ہے کہ شیر نے چیر پھاڑ کر دی اور بلے نے غریب کی ٹانگیں توڑ دیں

پاکستان میں ہر نعمت ہے بس کرپٹ ٹولے سے جان چھڑانے کی ضرورت ہے، ٹریکٹر چلے گا تو ملک میں خوشحالی آئے گی

جھنگ (خبرنگار) مسلم لیگ (ق) کے چیف آرگنائزر چوہدری سرور نے کہا ہے کہ سیاستدان حکومت پاکستان میں کرتے ہیں اور پیسہ چوری کر کے باہر رکھتے ہیں۔ جھنگ میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے سابق گورنر پنجاب چوہدری سرور نے کہا ہے کہ شیر نے چیر پھاڑ کر دی اور بلے نے غریب کی ٹانگیں توڑ دیں، بلے نے تو لوٹ مار کی انتہا کر دی، پاکستان مسلم لیگ کا انتخابی نشان ٹریکٹر ہوگا، اب ٹریکٹر ہی شیر اور بلے کی ان شاء اللہ مرمت کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ پاکستان کے امیر آدمی اور سیاستدانوں کے پیٹ ہی نہیں بھرتے، پاکستان کا برسر اقتدار ٹولہ پیسہ بنانے کے علاوہ کچھ نہیں کرتا (بقیہ نمبر 29)



لاہور: فنڈز جاری نہ کرنا حکم عدولی، سپریم کورٹ توہین عدالت کی کارروائی شروع کرے، فواد چودھری

## سراج الحق کے مذاکرات حقیقت پر مبنی ہوں تو اچھی بات ہے، شیخ رشید احمد

وزیر داخلہ کا بیان عدلیہ کے فیصلے کی سرعام حکم عدولی ہے، سابق وزیر داخلہ

وزیر داخلہ کا بیان کہ 14 مئی کو انتخابات نہیں ہوں گے عدلیہ کے فیصلے کی سرعام حکم عدولی ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ سراج الحق کے مذاکرات حقیقت پر مبنی ہوں تو اچھی بات ہے، اب تو زلے خلیل زادہ بھی مسٹرلین پرسنٹ پر مہر لگا دی ہے، نیب کے کیسز سپریم کورٹ میں فیصلہ طلب ہیں، انشاءاللہ سپریم کورٹ نیب ترامیم کو کالعدم قرار دے گی۔ (بقیہ نمبر 30)

## وزیر صحت ڈاکٹر جمال ناصر کا راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف یورالوجی کا دورہ

ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ آر آئی یو کی پتھالوجی لیب میں جدید مشنری موجود ہے

انہوں نے کہا کہ عوام کو جدید طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں

لاہور (شاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر نے کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ کے ہمراہ راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف یورالوجی کا دورہ کیا اور اسکے تمام حصوں کا معائنہ کیا۔ وہ ہسپتال کی لیبارٹری، ڈائیلسز سنٹر اور او پی ڈی میں بھی گئے۔ انہوں نے تمام طبی آلات اور دیگر سہولیات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے آر آئی یو بلڈنگ کا بھی تفصیلی معائنہ کیا اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے، صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ (بقیہ نمبر 31)

## محکمہ بہبود آبادی پنجاب معاشرے کے ہر طبقے تک اپنا پیغام موثر انداز میں پہنچانے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ سیکرٹری بہبود آبادی

لاہور (نیوز رپورٹ) محکمہ بہبود آبادی پنجاب کی جانب سے ''متوازن خاندان، خوشحال پاکستان'' کیلئے ٹی وی آگاہی مہم کامیابی (بقیہ نمبر 24)

## تحریک دعوت فقر کا اجلاس نعیم عباس سروری قادری کی زیر صدارت منعقد کیا گیا

لاہور (نیوز رپورٹ) منتظم اعلیٰ تحریک دعوت فقر سلطان محمد نعیم عباس سروری قادری کی زیر صدارت خانقاہ سلطان العاشقین میں مجلس شوریٰ کا اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر امین مجلس خلفا (بقیہ نمبر 25)

## حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کیلئے 129 ارب جاری کر دیئے

فاٹا، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے 27 ارب روپے بھی شامل، اعلامیہ

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وزارت منصوبہ بندی نے ترقیاتی منصوبوں کیلئے 129 ارب روپے جاری کر دیئے۔ وزارت منصوبہ بندی نے چوتھی سہ ماہی کے دوران جاری ترقیاتی منصوبوں کیلئے فنڈز جاری کیے ہیں، وزارت منصوبہ بندی نے رواں سال کے ترقیاتی بجٹ میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 50 ارب روپے زائد جاری کیے ہیں، آخری سہ ماہی کے لیے جاری کردہ 129 ارب روپے کے بعد مجموعی ترقیاتی بجٹ 600 ارب روپے کا ہو گیا، اعلامیے کے مطابق جاری کردہ فنڈز میں فاٹا، آزاد کشمیر، گلگت (بقیہ نمبر 22)



لاہور: ملک بھر میں آج شب قدر کی تلاش، مساجد میں چراغاں، ذکر واذکار کی محافل

# اشاعت خاص



## باکمال وزیراعلیٰ۔۔۔لاجواب خدمات
## پنجاب کے ماتھے کا جھومر محسن نقوی

## دور اندیشی اور بہترین حکمت عملی میں ان کا کوئی ثانی نہیں

## گندم اور چینی کی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے پنجاب کے خارجی راستوں کی سخت نگرانی کا عمل

## صحافی کالونی لاہور میں صحافیوں کو متنازعہ پلاٹوں کے متبادل پلاٹس دینے کا فیصلہ



تحریر۔۔ناظم الدین
ڈائریکٹر تعلقات عامہ پنجاب

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کا بیروزگاری میں کمی اور سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی کے لیے تاریخی فیصلہ کیا ہے۔ پنجاب بھر میں پٹرول پمپس کیلئے وزیراعلیٰ نے عرصہ دراز سے زیرالتواء این او سیز کو یکم مئی تک جاری کرنے کا حکم دیا ہے اور متعلقہ حکام کو تمام این او سیز 15 روز میں کلیئر کرنے کی ہدایت کی ہے۔ نئے پٹرول پمپس لگنے سے نوجوانوں کے لیے ملازمت کے ہزاروں مواقع پیدا ہوں گے۔ پنجاب کے

سی کے اجراء کو یقینی بنادیا ہے۔ تمام زیرالتوا درخواستوں پر اگلے پندرہ روز میں عمل درآمد کیا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ پٹرول پمپس کمیٹی کے اجلاس کے بعد فوری فائنل این او سیز جاری کئے جا رہے ہیں۔ پنجاب حکومت کے اس انقلابی اقدام سے کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور نجی سیکٹر میں روزگار کے نئے اور وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔ تمام ڈپٹی کمشنرز نے زیر التواء درخواست گزاروں کو این او سیز جاری کرنا شروع کر دیا ہے۔



عامر میر، منسٹر انفارمیشن

ریکارڈ رکھا جارہا ہے۔

صوبے میں گندم کی قلت کی خبر من گھڑت اور بے بنیاد ہے۔ یہ من گھڑت خبر ایک مخصوص کاروباری گروپ کی طرف سے پھیلائی گئی ہے۔ اس سال گندم کی فی ایکڑ پیداوار نا مساعد موسمی حالات کے باوجود بہت شاندار آ رہی ہے۔ پچھلے سال کی نسبت گندم کی فی ایکڑ اوسط پیداوار پانچ سے دس من زیادہ ہے۔ حکومت نے گندم پر کسانوں کی پیداواری لاگت کے پیش نظر فی من امدادی قیمت 3900 روپے مقرر کی ہے۔ گندم کی پیداوار کے علاقوں میں 3900 روپے فی من وافر مقدار میں گندم دستیاب ہے۔ حکومت تمام طبقات کی معاشی فلاح کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ صوبے میں تقریباً دس کروڑ افراد کے لیے مفت آٹا فراہم کیا گیا ہے۔

گندم کی ذخیرہ اندوزی اور دوسرے اضلاع میں منتقلی کو روکنے کے لیے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت سپیشل مجسٹریٹس تمام اضلاع کے داخلی اور

کی جانب سے تمام اضلاع کو ملنے والے گندم کے ٹارگٹ کو ہر صورت بروقت مکمل کیا جائے گا جس کے لیے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کی مشترکہ کارروائیوں کے دوران تمام اسسٹنٹ کمشنرز، محکمہ فوڈ، محکمہ پولیس سمیت محکمہ ریونیو کے افسران و اہلکاران روزانہ کی بنیاد پر کاروئیاں کر رہے ہیں اور گندم ذخیرہ کرنے اور دوسرے اضلاع میں منتقل کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں کر کے گندم کو سرکاری تحویل میں لیا جارہا ہے۔

لاہور پولیس کی زیرنگرانی شہریوں میں مفت آٹا کی تقسیم کا سلسلہ پرامن طور پر جاری رہا۔ مفت آٹے کی تقسیم کے عمل کو منظم اور محفوظ بنادیا۔ مفت آٹا تقسیم کے تمام پوائنٹس پر 500 سے زائد پولیس افسران اور اہلکار تعینات رہے۔ ہر آٹا تقسیم پوائنٹ پر 01 اپر سب آرڈینیٹ، 10 اہلکار اور 02 لیڈی پولیس اہلکار بھی تعینات رہیں۔ تعینات پولیس اہلکاروں نے شہریوں کی قطار بندی، نظم و

ڈیلور کیا جس پر وزیراعلیٰ پنجاب نے متعلقہ افسران و اہلکارن کو خراض تحسین پیش کیا ہے۔


نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے چینی کی سمگلنگ روکنے اور قیمتوں میں استحکام لانے کیلئے تمام ضروری انتظامی اقدامات کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے خارجی راستوں کی سخت نگرانی جاری رکھی جائے اور چینی کی قیمتوں کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کیا جائے۔ رمضان المبارک سپورٹس سیریز کے تحت تمام ٹورنامنٹ سپانسرڈ تھے اور حکومت نے سرکاری فنڈز استعمال نہیں کئے۔ جلد تحصیل، ضلع، ڈویژن اور صوبائی سطح پر کھیلوں کے مقابلے کرانے کے سلسلہ میں حکمت عملی تیار کی جارہی ہے۔ حکومت نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ کھیلوں کی سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں اور بہت جلد تحصیل سے لے کر صوبائی سطح تک مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد ہوگا۔ پنجاب حکومت لینڈ ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن میں گلگت بلتستان

ہیڈکوارٹر ہسپتال راولپنڈی، گوجرانوالہ، سرگودھا، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد کے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ٹیچنگ ہسپتالوں کے نام تبدیل کئے جائیں گے جبکہ گورنمنٹ غلام محمد آباد ہسپتال فیصل آباد کا نام بھی تبدیل ہوگا۔ حکومت نے سول سیکرٹریٹ کے ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے خصوصی فنڈ کے قیام کی منظوری دی ہے۔ سنڈیمن صوبائی ہسپتال کوئٹہ میں میڈیکل اینڈ سرجیکل ٹاور کی فزیبلٹی سٹڈی اور ماسٹر پلاننگ انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی پنجاب سے منظوری دی جائے گی۔

حکومت پنجاب کا ایک اور صحافی دوست ایکشن۔ صحافی کالونی لاہور میں صحافیوں کو متنازعہ پلاٹوں کے متبادل پلاٹس دینے کا فیصلہ کرلیا۔ اس مقصد کے لیے صحافی کالونی ہربنس پورہ میں میں مزید 77 کنال اراضی پر پلاٹس بنا کر متاثرہ صحافیوں کو دے جائیں گے۔ صحافی کالونی سے متصل 77 کنال اراضی کو جلد از جلد ڈویلپ کرنے کے لئے ڈائریکٹر جنرل

مالی سال 23-2022 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے 53ویں اجلاس میں مختلف سیکٹرز کی 4 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 4 ارب 76 کروڑ 19 لاکھ 42 ہزار روپے کی منظوری دی گئی۔ صوبائی

میونسپل کمیٹی بہاولنگر میں واٹر سپلائی سسٹم کی توسیع اور بہتری کیلئے 81 کروڑ 93 لاکھ روپے شامل ہیں۔ حکومت کی طرف سے نامزد کردہ سرکاری موٹر سائیکل کی پارکنگ فیس 10 روپے جبکہ گاڑی کی 30 روپے ہے۔ حکومت کی ہدایت پر اوور



نگران وزیراعلیٰ پنجاب، سید محسن رضا نقوی

چارجنگ مافیا کے خلاف سخت اقدامات کرتے ہوئے پارکنگ ٹکٹس کا ڈیزائن تبدیل کردیا گیا ہے۔ اب شہری صرف نئے ٹکٹ پر ہی ادائیگی کریں۔ عیدالفطر کی شاپنگ کرنے والوں سے پارکنگ فیس مقررہ ریٹ کے مطابق ہی وصول کی جائے گی۔ اوور چارجنگ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ اوور چارجنگ یا جعلی پارکنگ ٹکٹس جاری کرنے والوں کو معطل کردیا جائیگا۔ وزیر اعلیٰ نے شہریوں کی شکایات کے ازالے کے لئے سی ای او پارکنگ کمپنی کو پارکنگ سٹینڈز پر چھاپے مارنے کی ہدایت کی ہے۔ لاہور پارکنگ کمپنی نے شہر کے

## بیروزگاری میں کمی اور سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی کے لیے تاریخی فیصلہ

## پٹرول پمپ لگانے کے حصول کیلئے تمام کاغذی کاروائی ایک ہی چھت تلے دستیاب

## پارکنگ سٹینڈ میں اوور چارجنگ مافیا کے خلاف سخت اقدامات، پارکنگ ٹکٹس کا ڈیزائن تبدیل

## پنجاب حکومت کا لینڈ ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن میں گلگت بلتستان حکومت سے تعاون

تمام اضلاع میں پٹرول پمپس کے لئے 1264 درخواستیں عرصہ دراز سے التواء کا شکار ہیں۔ ہر پٹرول پمپ پر اوسطاً 30 سے 35 لوگوں کو روزگار ملے گا۔ 1200 سے زائد پٹرول پمپس کو این او سیز ملنے سے 30 ہزار سے زائد لوگ برسر روزگار ہوں گے۔ محسن نقوی نے تمام متعلقہ محکموں کو پٹرول پمپس کے این او سیز جلد جاری کرنے اور این او سیز کے اجراء میں غیر ضروری تاخیر ختم کرنے کا حکم دیا ہے۔ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ قانونی تقاضے پورے کر کے پٹرول پمپس کے این او سیز کا فوراً اجراء کیا جائے۔ محسن نقوی نے این او سیز کے اجراء میں شفافیت کو یقینی







بنانے کی بھی ہدایت کی ہے۔ این او سیز کے اجراء میں شفافیت اپنانے سے شہریوں کا حکومت پر اعتماد بڑھے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پٹرول پمپ کے حصول کے لئے تمام کاغذی کاروائیان ایک ہی چھت تلے فراہم کرنے کے لئے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کردی گئی ہیں۔ اب پٹرول پمپ لگانے کے ل این او سی کے حصول کے لیئے کسی کو سرکاری دفاتر کے چکر لگانے کی ضروت نہیں ہوگی۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے قلیل مدت میں این او

وزیراعلیٰ محسن نقوی کی ہدایت پر گندم کی روک تھام اور ذخیرہ اندوزی روکنے کے لیے ضلع کے داخلی اور خارجی راستوں پر چیک پوسٹس قائم کر دی گئی ہیں۔ تمام اضلاع میں پنجاب گندم خریداری مراکز پر شہریوں کے بیٹھنے اور پینے کے صاف پانی کا خصوصی انتظام کیا گیا ہے۔ تمام ڈپٹی کمشنرز سمیت تمام انتظامی افسران خود گندم خریداری مراکز کا دورہ اور تمام تر انتظامات کی خود نگرانی کر رہی ہیں، کسانوں کو باردانہ کی فراہم کرتے وقت کسان کا مکمل

خارجی راستوں پر لگائے گئے ناکہ جات، پرائیویٹ گوداموں، گھروں سمیت کمیشن شاپس کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کر رہے ہیں تا کہ دوسرے اضلاع میں گندم کی منتقلی کو روکا جاسکے اور گندم ذخیرہ کرنے والوں پر کڑی نظر رکھی جا رہی، دوسرے اضلاع میں گندم کی غیر قانونی منتقلی کرنے والوں اور ذخیرہ کرنے والوں کے خلاف کاروائیوں کے دوران ابتک ہزاروں گندم کی بوریوں کو سرکاری تحویل میں لیا جاچکا ہے۔ حکومت پنجاب

ضبط اور امن و امان یقینی بنایا۔ آٹا تقسیم کے دوران نقص امن، دھکم پیل اور بھگدڑ ہر گز نہ ہونے دی گئی۔ لاہور پولیس بزرگوں خواتین اور معذور افراد کو بھرپور مدد فراہم کرتی رہی۔ سپروائزری افسران آٹا تقسیم پوائنٹس پر سکیورٹی انتظامات کا خود جائزہ لیا۔ آٹا پیکیج کے تحت حق دار کو اس کا حق دیا گیا۔ صوبائی وزراء، انتظامی و پولیس افسران و عملے نے دن رات محنت کر کے مفت آٹا پیکیج کو نہایت کامیاب بنایا۔ پوری مشینری نے ایک ٹیم ورک کے طور پر

حکومت سے تعاون کرے گی اور اس ضمن میں پنجاب کابینہ نے گلگت بلتستان کی حکومت سے معاہدہ کرنے کی منظوری بھی دیدی ہے۔ وزیراعلیٰ نے چلڈرن ہسپتال کی نئی سکیموں کو سالانہ ترقیاتی پروگرام 23-2022 میں شامل کرنے اور یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز لاہور میں ایڈوانس پیڈیاٹرک ریڈیو تھراپی یونٹ کے قیام کیلئے اراضی مختص کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے زیرانتظام ڈسٹرکٹ

ایل ڈی اے کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ جو آئندہ چند ہفتوں میں 77 کنال اراضی پر ڈویلپمنٹ کا کام مکمل کرے گا۔ عرصہ دراز سے اپنے حق سے محروم صحافیوں کو جلد انکا حق دیں گے اس مقصد کے لیے نئی جگہ پر ڈویلپمنٹ کے بعد جلد پلاٹ بنا کر متاثرہ صحافیوں کو دیے جائیں گے۔ جلد صحافی کالونی میں قبضہ گروپ کی کاروائیوں کا قلع قمع کیا جائے گا اور حقداروں کو ان کا حق واپس دلوایا جائے گا.

پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں اسلام آباد میں پنجاب ہاؤس کی تزئین و آرائش/ بہتری کیلئے 83 کروڑ 35 لاکھ 75 ہزار روپے، مظفرگڑھ شہر میں گنیش واہ کینال سے کچہری چوک تک دو رویہ کیرج وے کی تعمیر (ترمیمی) کیلئے 55 کروڑ 12 لاکھ 9 ہزار روپے، جھنگ شہر سیوریج سسٹم کی بہتری اور ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تعمیر کیلئے 2 ارب 55 کروڑ 78 لاکھ 40 ہزار روپے اور

چھ زونز کے لئے ویجیلنس کمیٹیاں تشکیل دے دیں۔ کمیٹیاں روزانہ شہر کی تمام پارکنگ سائٹس کا دورہ کر کے رپورٹ پیش کریں گی۔ پارکنگ ریٹس کے بورڈ نمایاں طور پر لگائے جائیں گے۔ جعلی پارکنگ ٹکٹس استعمال کرنے والوں کو سخت سزائیں دیں جائیں گی۔ پارکنگ فیس کی لوٹ مار کرنے والوں کے خلاف فوری مقدمات درج کرائے جائیں گے۔ پارکنگ فیس کو سرکاری خزانے میں جمع نہ کروانے والوں سے بھی سختی سے نمٹا جائے گا۔









# آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 18 اپریل 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق [illegible] سرکل، میانی فیڈر، جہلم سرکل، گل افشاں فیڈر، اٹک سرکل، پنڈ پران، دیلی، گلشن صحت، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، پسوال، سرائے خربوزہ، ٹیکسلا-2، ٹیکسلا-1، شیر شاہ سوری مسکین آباد، غور غشتی، شکردرہ، بولینوال فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

**بقیہ 1**

کی چھان بین کے بعد منظوری دی، ایوان وزیراعلیٰ میں گزشتہ 2 ماہ سے صوابدیدی فنڈ موجود ہونے کے باوجود کیسز التوا کا شکار تھے، وزیراعلیٰ پاس میں مالی امداد کیلئے مستحق افراد نے درخواستیں جمع کرا رکھی تھیں۔

**بقیہ 2**

والے اداروں کو متنازعہ بنا رہے ہیں۔ گذشتہ روز کی گئی پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاک فوج اور عدلیہ کے اندر کسی کی مخالفت نہ کی جائے، عراق اور لیبیا کی طرح پاکستان کو بھی تباہ کیا جارہا ہے، عمران خان پر جھوٹے مقدمات درج کیے گئے ہیں، چیف جسٹس کا تمسخر اڑایا جارہا ہے اس پر توہین عدالت نہیں لگ رہی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی جان کو خطرہ ہے، پاکستان چھوڑ کر بیرون ملک سے انتخابی مہم چلائیں۔ اگر عمران خان کو جانی نقصان پہنچایا گیا تو خدشہ ہے ملک ٹوٹ جائے گا۔ اس وقت مذہبی جماعتوں سمیت ہر پاکستانی کی عمران خان کو حمایت حاصل ہے لیکن پی ڈی ایم ان پر آئے روز مقدمات درج کروا رہے ہیں۔ ملک کی بدترین صورتحال سے نکلنے کا واحد حل قومی اسمبلی تحلیل کر کے فوری عام الیکشن کروا دیئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں نے معیشت کا بیڑا غرق کردیا، خزانہ خالی کر کے خود مزے کررہے ہیں۔ مجھے تو انتخابات دو سال تک ہوتے ہوئے نظر نہیں آرہے ہیں۔ دوسری جانب سندھ کے سابق گورنر اور پی ٹی آئی کے رہنما عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ حکومت نے عید کی چھٹیوں کے دوران عمران خان کو گرفتار کرنے کا پلان بنایا ہے۔ اپنے ایک بیان میں عمران اسماعیل نے کہا کہ پی ٹی آئی کیخلاف پروپیگنڈا کرنا حکومت کا وطیرہ ہے، پی ٹی آئی کے طوفان کو روکنے کیلیے لندن پلان پر عمل کیا جارہا ہے جبکہ عید کی چھٹیوں کے دوران عمران خان کی گرفتاری کا پلان بھی تیار کیا گیا ہے

**بقیہ 3**

قیمت کے باوجود پاکستان میں 150 روپے لیٹر تھا۔ انہوں نے کہا کہ ساری پی ڈی ایم جھوٹ بولتی تھی عمران خان کو مہنگائی کی وجہ سے ہٹا رہے ہیں لیکن رجیم چینج سازش کے بعد ڈاکو راج نے پٹرول مہنگا کر کے 282 روپے لیٹر کردیا یعنی اشیائے ضرور یہ ہوشربا مہنگی ہوجائے گی

**بقیہ 4**

کی زیر صدارت اجلاس میں سپریم کورٹ کی طرف پنجاب میں الیکشن کروانے کیلئے اسٹیٹ بینک کو فنڈز جاری احکامات کا قانونی جائزہ لیا گیا۔ اٹارنی جنرل، گورنر اسٹیٹ بینک اور آڈیٹر جنرل کو خصوصی طور پر اجلاس میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی۔ اس کے علاوہ وزیر تجارت سید نوید قمر کو بھی دعوت نامہ جاری کیا گیا تھا۔ قائمہ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ وزارت خزانہ الیکشن کمیشن کو فنڈز کی فراہم سے متعلق سمری کابینہ میں لائے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ سمری کو منظوری کے لیے قومی اسمبلی پیش کیا جائے گا۔ سپریم کورٹ نے ہدایت دی لیکن فیڈرل کنسولیڈیٹڈ فنڈ حکومت کا ہے۔ اس سال بجٹ میں الیکشن کے لیے پیسے مختص نہیں کیے گئے ہیں۔ سپلیمنٹری گرانٹ کے طور پر قومی اسمبلی سے منظوری لینا ہوگی

**بقیہ 5**

فارن ایکسچینج ریزرو کی پوزیشن بہت نازک ہے۔ انہوں نے وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور کی وفات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ مفتی عبدالشکور کی بطور وزیر اس ملک کیلئے بہت خدمات ہیں، حج کیلئے ہمیں جو فارن ایکس چینج چاہیے تھا اس کیلئے وہ وزیر خزانہ سے مسلسل رابطے میں رہے، مفتی عبدالشکور کی وفات پر ہم سب رنجیدہ ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ کابینہ نے ایک اجلاس میں اتفاق کیا تھا کہ ملک مشکل حالات سے گزر رہا ہے، کابینہ نے فیصلہ کیا کہ جو معزز رکن اپنی تنخواہ دینا چاہے تو خوش آمدید کہیں گے لیکن مفتی عبدالشکور نے کہا کہ میرا گزارا تنخواہ کے بغیر نہیں ہوسکتا میں حصہ نہیں ڈالوں گا، اب پتہ چلا مفتی صاحب اپنے علاقے میں مسجد کے پیچھے چھوٹے سے گھر میں رہتے تھے۔ قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا، اجلاس میں الیکشن کمیشن کو فنڈز کی فراہمی کا معاملہ قومی اسمبلی میں پیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وفاقی کابینہ نے الیکشن کمیشن کو فنڈز کی فراہمی کی سمری منظور کر لی اور پنجاب انتخابات کیلئے فنڈز کی فراہمی کا معاملہ قومی اسمبلی کو بھیج دیا۔ وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد سمری اب قومی اسمبلی میں پیش کی جائے گی

**بقیہ 6**

پر کرنے ہیں، آئین پر چلنے کے لیے مذاکرات کی ضرورت نہیں، لیکن پھر بھی ہم مذاکرات کر رہے ہیں۔ پاکستان کی تمام قانونی کمیونٹی اس بات پر متفق ہیں کہ آئین کے تحت انتخابات 90 دن کے اندر ہونا ضروری ہیں۔ نگران سیٹ اپ کے حوالے سے پوچھے گئے سوال پر عمران خان نے کہا 90 دن کے بعد موجودہ نگران حکومت کی کوئی آئینی حیثیت نہیں رہے گی، جو بھی اقدامات کیے جائیں گے وہ غیر آئینی ہوں گے۔ نگران حکومت کو ہٹا کر ایسا ایڈمنسٹریٹر لانا چاہیے جس کا کام صرف الیکشن کروانا ہو۔ موجودہ نگران حکومت کسی اور ایجنڈا پر آئی ہے جو الیکشن کروانے کے علاوہ سب کچھ کر رہی ہے۔ موجودہ نگران حکومت لندن پلان کا حصہ ہے جس میں طے کیا گیا تھا کہ تحریک انصاف کو ختم کیا جائے گا اور نواز شریف کے کیسز ختم کیے جائیں گے۔ بیرونی اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ تعلقات سے متعلق پوچھے گئے سوال پر عمران خان نے کہا کہ کس نے کہا ہمارے تعلقات برے تھے، یہ تو صرف جنرل باجوہ نے ایکسٹینشن لینے کے لیے ہمارے خلاف مہم چلائی تھی۔ سب کو ہمارے چین، سعودی عرب اور ترکی کے ساتھ رابطوں کا پتہ ہے، ہمارے ڈونلڈ ٹرمپ اور بورس جانسن کے ساتھ بہترین تعلقات تھے، ان کو کون پوچھتا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے مزید کہا کہ اگر اسٹیٹ بنک رقم جاری نہیں کرتا تو پاکستان میں آئین ختم ہو جائے گا۔ پہلے ہی یہاں پر انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں کی جا رہی ہیں۔ میڈیا پر ہمارا بلیک آؤٹ ہے

**بقیہ 7**

4 کس زخمی ہوگئے فائرنگ جائیداد کے تنازعہ پر ہوئی مقتول کی شناخت 35 سالہ عرفان کے نام سے ہوئی جبکہ زخمیوں کی شناخت ظفر، ناظم، طارق اور عاصم کے ناموں سے ہوئی واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ جاتلی پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچے پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کیے اور ریسکیو کی امدادی ٹیموں کے ذریعے ڈیڈ باڈی اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ملزمان کی شناخت عرفان، آفاق، خرم اور بلال کے نام سے ہوئی ملزمان واقعے کے بعد موقع سے فرار ہوگئے پولیس تھانہ جاتلی نے مقدمہ درج کرکے تفتیش کا آغاز کردیا

**بقیہ 8**

سب کال کر بیٹھنا ضروری ہے لیکن آئین کے خلاف ایک میز پر نہیں بیٹھا جاسکتا۔ فواد چوہدری نے کہا کہ اگر سپریم کورٹ کے حکم کا پیرا نہ دیا گیا تو بائیس کروڑ عوام کے حقوق پامال ہوجائیں گے، یہ ڈاکو تو توشہ خانہ کا ریکارڈ بھی غائب کرچکے ہیں، ہائی کورٹ سے گزارش ہے کہ لمبی لمبی تاریخیں نہ دیں بلکہ توشہ خانہ کا ریکارڈ طلب کروائیں۔

**بقیہ 9**

کہ عدالت نے 14 مئی کی تاریخ دی ہے الیکشن 14 مئی کو ہی ہوں گے۔ عدالت نے آئین کے تحت تاریخ دی ہے۔ انہوں نے سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ رانا ثناء اللہ کون ہوتے ہیں یہ فیصلہ دینے والے کہ 14 مئی کو الیکشن نہیں ہوں گے۔ عمران اسماعیل نے کہا کہ ملک میں الیکشن ایک ساتھ ہونے پر بات چیت ہوسکتی ہے۔ کریک ڈاؤن بند کریں گے تو بات ہوسکتی ہے۔ حکومت کو سپریم کورٹ پر اعتماد ہے نہ ججز اور بینچ پر۔ ہر جج کا نام لے کر گالم گلوچ کررہے ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا کہ خان صاحب کے پاس مصدقہ معلومات ہیں کہ یہ عید پر کچھ کریں گے، کسی کی خواہش پر الیکشن ملتوی نہیں ہوں گے۔ قبل ازیں عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ حکومت نے عید کی چھٹیوں کے دوران عمران خان کو گرفتار کرنے کا پلان بنایا ہے۔ اپنے ایک بیان میں عمران اسماعیل نے کہا کہ پی ٹی آئی کیخلاف پروپیگنڈا کرنا حکومت کا وطیرہ ہے، پی ٹی آئی کے طوفان کو روکنے کیلیے لندن پلان پر عمل کیا جارہا ہے جبکہ عید کی چھٹیوں کے دوران عمران خان کی گرفتاری کا پلان بھی تیار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہزادی مریم چاہتی ہے کہ لیول پلیئنگ فیلڈ پر کام کیا جائے، یہ چاہتے ہیں عمران خان اور پی ٹی آئی قیادت کو گرفتار کر کے الیکشن میں جائیں۔ وکیل کی رسائی کیلیے علی زیدی سے رابطے کی کوشش کررہے ہیں۔

**بقیہ 10**

طریقہ سے سرانجام دیا۔ مستحق افراد کا کہنا تھا کہ الخدمت فاؤنڈیشن ہر سال غریب اور مستحق افراد کیلئے عیدالفطر اور رمضان المبارک کے مقدس ماہ میں راشن مہیا کر کے لوگوں کی مدد کرتے ہیں جس کی وجہ سے غریب افراد بھی رمضان المبارک اور عیدالفطر کی خوشیاں محسوس کر پاتے ہیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن گوجر خان کے صدر راجہ عمیر نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کی کوشش ہوتی ہے کہ مستحق افراد میں ان کی عزت نفس مجروح کیئے بغیر انھیں باعزت طریقہ سے ایک چھت تلے مفت راشن مہیا کیا جائے راجہ عمیر نے مزید بتایا کہ مستحق افراد کی شفافیت کو قائم رکھنے کیلیے راشن تقسیم کرنے کے عمل سے پہلے ان کی لسٹ بنائی جاتی ہے اور مقررہ دن اور تاریخ کو صرف انھی افراد کو راشن فراہم کیا جاتا ہے جو لسٹ میں رجسٹرڈ ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے مفت راشن کے تقسیم کا عمل انتہائی خوش اسلوبی سے پایہ تکمیل تک پہنچ پاتا ہے اور کسی کو کسی بھی قسم کی دشواری اور تکلیف کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔

**بقیہ 11**

پیسے اکاؤنٹ میں ہی موجود رہیں گے۔ جب کہ حکومت نے بھی الیکشن کمیشن کو فنڈز دینے کا معاملہ قومی اسمبلی کو بھیجنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ سپریم کورٹ کی ہدایت پر پنجاب میں الیکشن کیلئے فنڈز کی فراہمی کا جائزہ لینے کیلئے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا خصوصی اجلاس ہوا۔ رکن قومی اسمبلی قیصر شیخ کی زیر صدارت اجلاس میں سپریم کورٹ کی طرف پنجاب میں الیکشن کروانے کیلئے اسٹیٹ بینک کو فنڈز جاری احکامات کا قانونی جائزہ لیا گیا۔ اٹارنی جنرل، گورنر اسٹیٹ بینک اور آڈیٹر جنرل کو خصوصی طور پر اجلاس میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی۔ اس کے علاوہ وزیر تجارت سید نوید قمر کو بھی دعوت نامہ جاری کیا گیا تھا۔ قائمہ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ وزارت خزانہ الیکشن کمیشن کو فنڈز کی فراہمی سے متعلق سمری کابینہ میں لائے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ سمری کو منظوری کے لیے قومی اسمبلی پیش کیا جائے گا۔ سپریم کورٹ نے ہدایت دی لیکن فیڈرل کنسولیڈیٹڈ فنڈ حکومت کا ہے۔ اس سال بجٹ میں الیکشن کے لیے پیسے مختص نہیں کیے گئے ہیں

**بقیہ 12**

مالیت کے پرائز بانڈز تبدیل اور نقد کرانے کی تاریخ 30 جون تک بڑھا دی گئی ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق منسوخ شدہ پرائز بانڈز ظاہری مالیت پر بینک کھاتوں میں کیش کرائے جا سکتے ہیں، 25000 اور 40000 روپے مالیت کے بانڈ پریمیم پرائز بانڈ میں منتقل کرائے جاسکتے ہیں۔ منسوخ شدہ پرائز بانڈز اسپیشل سیونگز یا ڈیفنس سیونگ سرٹیفکیٹس میں تبدیل کرائے جاسکتے ہیں، کمرشل بینکوں کو بھی پرائز بانڈز نقد یا تبادلہ کرانے کی درخواستیں قبول کرنے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ منسوخ شدہ پرائز بانڈز 30 جون 2023 کے بعد نقد یا تبدیل کرانے کے قابل نہیں رہیں گے=

**بقیہ 13**

اشتہارات کی ادائیگی کیلئے رٹ کی ہوئی تھی۔ لاہور ہائیکورٹ نے ڈی جی پی آر کے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کو ادائیگی کرنے کی ہدایت کی۔ جس پر ڈی جی پی آر نے لاہور ہائیکورٹ کے احکامات کی روشنی میں پرنٹ میڈیا کو 12 کروڑ 97 لاکھ 6 ہزار 518 روپے اور الیکٹرانک میڈیا 13 کروڑ 8 لاکھ 66 ہزار 110 روپے کی ادائیگی کر دی ہے۔ ڈی جی پی آر کی طرف سے ادائیگی پر کیس خارج کردیا گیا ہے۔

**بقیہ 14**

مینوں کو مارکیٹ سے کم ریٹ پر دیئے۔ زرتاج گل اور ان کے خاوند ہمایوں رضا اخوند نے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ان منصوبوں کو ریوائز کروایا اور ان کی لاگت دوگنا زیادہ کروائی۔ زرتاج گل اور ان کے خاوند ہمایوں رضا نے منصوبوں کو ریوائز کروا کر سرکاری خزانے کو کروڑوں کا نقصان پہنچایا۔ زرتاج گل نے تمام منصوبوں کے ٹھیکے اپنے فرنٹ مینوں کو دے کر ان سے بھاری رشوت وصول کی۔ زرتاج گل نے منظور شدہ منصوبوں کے پلان میں ازخود تبدیلی کر کے اپنے گھر اور سیکرٹریٹ کو پختہ سڑک سے منسلک کیا۔ زرتاج گل نے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے منصوبوں میں ناقص میٹریل استعمال کرایا جس سے ترقیاتی کام مکمل ہونے سے پہلے ہی گلیاں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگئیں۔ اینٹی کرپشن نے زرتاج گل، ان کے خاوند ہمایوں رضا اخوند، پرائیوٹ سیکرٹری محمود بھٹی، ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈی جی خان، ایس ڈی او پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈی جی خان، سب انجینئر متعلقہ سکیمز پبلک ہیلتھ ڈی جی خان کو 19 اپریل کو صبح 10 بجے طلب کرلیا ہے

**بقیہ 15**

یہ رقم پچھلی حکومت نے اپنے چہیتوں کو قرض پر دیدی، ان تین ارب ڈالرز کا استعمال درست ہے تو اس کی تفصیلات قائمہ کمیٹی خزانہ کو دی جائیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ باہر سے اس قرضے سے جو مشینری منگوائی گئی ہے وہ چھڑوائی بھی نہیں گئی، ان تمام لوگوں کی تفصیل دی جائیں، ایوان کا حق ہے کہ اس کی تفصیلات لی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ معاملے کی تحقیقات ہونی چاہئیں، جن لوگوں میں تین ارب ڈالر بانٹے گئے ان کے نام سامنے آنے چاہئیں۔ اس پر سپیکر قومی اسمبلی نے ہدایت کی کہ یہ معاملہ خزانہ کمیٹی کو بھجوایا جاتا ہے، ایوان کو اس کی رپورٹ فراہم کی جائے۔

**بقیہ 16**

بھی ملاقات کریں گے، دونوں رہنماؤں کے درمیان سیاسی اور معاشی صورتحال پر بات چیت ہوگی۔

**بقیہ 17**

(حج) کے حضور پیش کیے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کی سورہ قدر اور سورہ دخان میں شب قدر کا تذکرہ کیا ہے۔ یہ دقیق نہیں معلوم کہ شب قدر کون سی رات ہے، لیکن بہت ساری احادیث کے مطابق یہ بات یقینی ہے کہ شب قدر ماہ مبارک رمضان میں واقع ہے اور زیادہ احتمال یہ دیا جاتا ہے کہ رمضان کی انیسویں، اکیسویں یا تیئیسویں رات میں سے ایک شب قدر ہے۔ شیعہ رمضان المبارک کی تیئیسویں رات جبکہ اہل سنت رمضان کی ستائیسویں رات کو شب قدر ہونے پر زیادہ زور دیتے ہیں۔ بعض روایات کے مطابق پندرہ شعبان کی رات شب قدر ہے۔

**بقیہ 18**

ہم کوئی لچک دکھا نہیں سکتے۔ ملتان میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہم سیاسی لوگ ہیں، سیاسی لوگ گفت وشنید کرتے ہیں، سیاسی جماعت کبھی مذاکرات سے کتراتی نہیں، مذاکرات کی حدود قیود ہوتی ہیں، ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ مذاکرات کے لئے تیار ہیں۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ مذاکرات آئین کے اندر رہتے ہوئے ہوں گے، آئین سے ماورا نہیں ہوسکتے، 90 روز کے اندر انتخابات آئین ہی کی شق ہے، اس پر ہم کوئی لچک دکھا نہیں سکتے، وہ تو آئین سے روگردانی ہوگی، بلوچستان، سندھ اور قومی اسمبلی کے معاملے پر بیٹھ کر گفتگو کرسکتے ہیں کہ ان کو کب تحلیل کیا جائے، ایک دن الیکشن ہوجائے، اس پر گفتگو ہوسکتی ہے، سراج الحق بھی یہی چاہتے ہیں کہ ملک جس کیفیت سے دوچار ہے اس سے نکالنے کے لئے گفت وشنید ہونی چاہیے۔ وائس چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ پی ڈی ایم پہلے اپنی صفیں درست کرے، ہم 14 مئی کو بھول نہیں سکتے، 14 مئی آئین کی شرط ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے، ہمیں وکلاء سے رائے لینا ہوگی، 73 فیصد عوام کہتے ہیں ملک کو اس بھنور سے نکالنے کے لئے فوری انتخابات درکار ہیں، آئین پر لچک کیسے دکھا سکتے ہیں، دوتہائی اکثریت ہے تو آئین میں ترمیم کرلیں، آئین کو تسلیم کیا جائے، آئین کو قبول کیا جائے، اس میں کیا کشیدگی ہے؟ یہ کیوں الیکشن سے فرار چاہتے ہیں، کیوں آئین سے منہ موڑنا چاہتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ٹائمنگ آصف زرداری کی چوائس پر نہیں ہوگی، ٹائمنگ آئین کے مطابق ہوگی، میری خواہش کے مطابق سب کچھ تو نہیں ہوسکتا، قانون وقاعدے کا پابند ہوں۔

**بقیہ 19**

انہوں نے کہا کہ دبئی میں ایک رہائشی عمارت میں آگ لگنے سے تین پاکستانیوں کے جاں بحق ہونے بارے جان کر انہیں بہت دکھ ہوا ہے۔ وہ اس سانحہ پر سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات میں پاکستانی مشن کو متاثرہ خاندانوں کی مدد کرنے کی ہدایت کی ہے۔

**بقیہ 20**

میرے علاقے میں کوئی جگہ نہیں ایس ایچ او گوجر خان، پولیس تھانہ گوجر خان نے منشیات فروشوں کے خلاف مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزم مسمی خاور ظہیر ولد ظہیر الطاف سکنہ سوہادہ سے شراب برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 594/23 بجرم 3/4 حد امتناع منشیات درج تھانہ گوجر خان کر کے ملزم کو بند حوالات کر دیا جبکہ ایک اور کاروائی میں ملزم مسمی سعید حیدر ولد حیدر علی سکنہ وارڈ نمبر 7 گوجر خان سے شراب برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 595/23 بجرم 3/4 حد امتناع منشیات درج تھانہ گوجر خان کر کے ملزم کو بند حوالات کیا جبکہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی میں ملزم مسمی طارق جاوید ولد ولایت اللہ سکنہ گوجرانوالہ گوجر خان کو سے 30 بور پسٹل معہ 4 روند زندہ برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 596/23 بجرم 13/2015(2)a درج تھانہ گوجر خان کر کے ملزم کو بند حوالات کیا جبکہ 1 اور کاروائی میں ملزم مسمی فضل امین ولد محمد رفیق سکنہ نگیال گوجر خان کو سے 30 بور پسٹل معہ 4 روند زندہ برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 593/23 بجرم 2015/ 13(2)a درج تھانہ گوجر خان کر کے ملزم کو بند حوالات کیا جبکہ سابقہ بڑھتی ڈکیتی کی وارداتوں کے پیش خیمہ ریکارڈ یافتگاں کے خلاف کارواہ میں ملزم مسمی اویس ولد مرتضیٰ کو مقدمہ نمبر 544/23 بجرم 302/392 ت پ تھانہ گوجر خان میں گرفتار کر کے شامل تفتیش کیا پولیس تھانہ گوجر خان کی ان تمام کاروائیوں پر ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے شاباش دی اور انکی کارکردگی کو سراہا

**بقیہ 21**

تقریبات کے سلسلے میں منعقدہ قومی تقریری مقابلے کے فائنل راؤنڈ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے ملک بھر کے طلباء کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ایسے بچے پاکستان کا مستقبل روشن کریں گے۔ انہوں نے تمام تعلیمی شعبوں کے نصاب میں آئین کو شامل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

**بقیہ 22**

بلتستان میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے 27 ارب روپے بھی شامل ہیں، معاشی بحران کے باوجود چوتھی سہ ماہی کی ریلیز کو یقینی بنایا گیا۔ رواں سال کے ترقیاتی بجٹ میں گزشتہ سال کے 550 ارب روپے کے مقابلے میں 0 5 ارب روپے زائد جاری کیے گئے، وزارت آبی وسائل کو 30 ارب، وزارت مواصلات کو 22 ارب، ایچ ای سی کو 7 ارب، وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کو 4 ارب، ریلوے کو 8 ارب اور وزارت توانائی کو 5 ارب روپے کے فنڈز جاری کیے گئے ہیں۔

**بقیہ 23**

ندانہ گلزار کو ڈی نوٹیفائی کرنے اور دوسری خاتون کے کاغزات نامزدگی منظوری کے خلاف کیس کا فیصلہ سنادیا۔ شاندانہ گلزار کی الیکشن کمیشن کے خلاف دائر درخواست منظور کر لی گئی، عدالت نے رہنما پی ٹی آئی کو مخصوص نشست پر دوبارہ حلف اٹھانے کی اجازت دے دی، شاندانہ گلزار کی جگہ روحیلہ حامد کو نوٹیفائی کرنے کا الیکشن کمیشن کا حکم بھی کالعدم قرار دے دیا گیا۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کیس کا فیصلہ سنایا۔ یاد رہے کہ شاندانہ گلزار نے مخصوص نشست سے استعفیٰ دے دیا تھا، الیکشن کمیشن نے ان کی جگہ دوسری خاتون روحیلہ حامد کے کاغذات نامزدگی منظور کیے تھے جس پر انہوں نے الیکشن کمیشن کے فیصلے کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ دوسری جانب ریاست مخالف پروپیگنڈا کرنے کے الزام پر ایف آئی اے نے پی ٹی آئی رہنما شاندانہ گلزار کو طلب کرلیا، شاندانہ گلزار کو ریاست مخالف پروپیگنڈا کرنے میں معاونت پر طلب کیا گیا ہے۔ شاندانہ گلزار کو 20 اپریل کو سائبر کرائم ونگ میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نوٹس کے متن کے مطابق شاندانہ گلزار پیش ہو کر سائبر کرائم ونگ کو اپنا بیان ریکارڈ کرائیں۔ جبکہ اس سے قبل سابق رکن قومی اسمبلی شاندانہ گلزار کے خلاف اداروں کے خلاف اکسانے پر بغاوت کا مقدمہ درج کیا گیا تھا، شاندانہ گلزار کے خلاف نجی ٹی وی کے پروگرام میں اداروں کے خلاف اکسانے پر اسلام آباد کے ویمن پولیس اسٹیشن میں مقدمہ درج کیا گیا تھا، مقدمے میں 153 اے، 124 اے اور 505 کی دفعات شامل کی گئیں، یہ دفعات بغاوت، اشتعال انگیزی اور منافرت پھیلانے سے متعلق ہیں

**بقیہ 24**

کے ساتھ جاری ہے۔ یہ مہم عوامی پذیرائی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ رویوں میں تبدیلی کا پیش خیمہ بھی ثابت ہورہی ہے۔ سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر سلمان اعجاز کی زیر قیادت اور ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر، محترمہ ثمن رائے کی سربراہی میں ٹی وی آگاہی مہم کا انعقاد بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ محکمہ کی جانب سے ٹی وی کی مقبولیت کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف موضوعات بیٹیوں کی اہمیت، بیٹیوں کی تعلیم وتربیت، خواتین کا معاشرے میں مقام، متوازن خاندان کے حوالے سے آگاہی، خواتین کی صحت اور دیگر کا احاطہ کرتے ہوئے اشتہارات کے ذریعے پیغام کو عام کیا گیا۔ یہ ٹی وی پیغامات اردو کے ساتھ ساتھ علاقائی زبانوں جیسے سرائیکی اور پنجابی میں بھی تیار کئے گئے تاکہ معاشرے کے تمام طبقات، دیہی وشہری اور دور دراز کے علاقوں میں بسنے والا ہر فرد انہیں آسانی سے سمجھ کر عمل پیرا ہو سکے۔ ٹی وی آگاہی مہم میں نشر کئے جانے والے اشتہارات اور معلوماتی پروگرام کے مثبت نتائج حاصل ہورہے ہیں

**بقیہ 25**

پروفیسر سلطان حافظ حماد الرحمٰن سروری قادری بھی موجود تھے۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ جنرل سیکرٹری تحریک دعوت فقر ڈاکٹر عبدالحسیب سرفراز سروری قادری نے حاضرین اجلاس کو ایجنڈا سے آگاہ کیا۔ مجلس شوریٰ کا یہ اجلاس 2 شوال 1444ھ کو منعقد ہونے والی عید ملن تقریب کی منصوبہ بندی کے لئے منعقد کیا گیا تھا۔ حاضرین اجلاس نے اپنی قیمتی آرا اور تجاویز سے آگاہ کیا۔ ممبران نے عید ملن تقریب کو خوبصورت اور شاندار بنانے کا عزم کیا۔

**بقیہ 26**

مقابلوں کے فائنل راؤنڈ کی تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقابلوں میں ملک بھر سے حصہ لینے والے طلبا وطالبات کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ جس ملک کے ایسے ہونہار طلبا وطالبات ہوں اس ملک کو دنیا کا صف اول کا ملک بننے سے کوئی طاقت روک نہیں سکتی۔ انہوں نے مختلف درجوں میں نصاب تعلیم میں آئین کو شامل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی بصیرت کی بدولت پاکستان کی عوام کو 1973 کا آئین حاصل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ یہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی بے مثال سیاسی دانشمندی تھی جس نے اس قوم کو آئین پاکستان دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ آئین ریاست اور شہریوں کے درمیان ایک مقدس معاہدہ ہے جس پر عمل در آمد ہونا چاہیے۔ انہوں نے ان تقریری مقابلوں کے کامیاب انعقاد پر آسیہ عظیم، پیپس کی ٹیم اور قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی کاوشوں کو سراہا۔ ممبر قومی اسمبلی محترمہ آسیہ عظیم نے ہمیشہ حوصلہ افزائی کرنے اور گولڈن جوبلی کی تقریب کو بے مثال جوش وجذبے کے ساتھ منانے پر سپیکر قومی اسمبلی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ تقریری مقابلے نوجوانوں میں آئین کی اہمیت کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ تقریب کے اختتام پر اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے تقریری مقابلہ جیتنے والے طلباو طالبات میں انعامات تقسیم کیے۔

**بقیہ 27**

کے درمیان کی جہاں ان کا لوگوں نے والہانہ استقبال کیا۔ گورنر سندھ کو گلزار ہجری آمد پر اجرک، سندھی ٹوپی اور پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔ اس موقع پر کامران ٹیسوری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی سڑکیں خراب ہیں وہ ٹھیک کرنی ہیں، گزشتہ روز سحری کے بعد گلشن معمار سے گورنر ہاؤس واپس جارہا تھا تو ایک ایک سڑک دیکھ رہا تھا، سڑکیں ٹوٹی ہوئی ہیں، کہاں ہیں وہ کنٹریکٹر جو اربوں کے کنٹریکٹ لے کر سو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی جی آڈٹ کو بلاؤں گا کہ وہ آڈٹ کریں کہ تین سالوں سے سڑکیں کیوں نہیں بنیں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ خدارا کم سے کم تنخواہ 50 ہزار کردیں، سی ایم صاحب نیک نیت انسان ہیں مجھے امید ہے وہ کام کریں گے۔ کامران ٹیسوری نے کہا کہ نوجوان کو شیشہ، گٹکا، ماوے پر احساس محرومی نے لگایا ہے جو لوگ بچوں کو ان نشوں پر لگا رہے ہیں ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سی ایم کو گورنر ہاؤس میں افطار کرنے کی دعوت دی تھی تاہم وہ طبیعت خراب ہونے کی وجہ سے نہیں آسکے۔ کامران ٹیسوری نے کہا کہ گورنر ہاؤس میں عید کے روز لنچ کا بھی اہتمام کیا گیا ہے، پورے کراچی کو دعوت ہے، لنچ کے ساتھ عید ملن پارٹی کی اور ساتھ میں قوالی بھی ہوگی۔

**بقیہ 28**

بورڈ کی سربراہی پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کریں گے۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی بورڈ میں تحریک انصاف کے مرکزی رہنما، پنجاب کے تمام ریجنز کے صدر اور جنرل سیکرٹری بھی شامل ہوں گے۔ اس سے قبل سابق وزیراعظم عمران خان ممکنہ امیدواروں کے انٹرویوز کیلئے کررہے تھے، پی پی 113 تک کے ممکنہ امیدواروں کے انٹرویوز مکمل کرلیے گئے ہیں۔

**بقیہ 29**

، پاکستان میں ہر نعمت ہے بس کرپٹ ٹولے سے جان چھڑانے کی ضرورت ہے، ٹریکٹر چلے گا تو ملک میں خوشحالی آئے گی۔

**بقیہ 30**

ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عدلیہ کو دھمکیاں بھی دی جارہی ہیں اور ان کے خلاف غیراخلاقی مہم بھی چلائی جارہی ہے، اگر قومی اسمبلی تحلیل نہ ہوئی تو صوبائی الیکشن اپنے وقت پر ہی ہوکر رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ کا بیان کہ 14 مئی کو انتخابات نہیں ہوں گے عدلیہ کے فیصلے کی سرعام حکم عدولی ہے، چور دروازے آنے والی پی ڈی ایم حکومت الیکشن کیلئے چوک اور چوراہے میں جانے سے گھبرا رہی ہے، نگران حکومت کی 90 روز پورے ہوگئے ہیں تو یہ کس شوق کس اختیار کے تحت بیٹھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالات یہ ہیں کہ غیرملکی سرمایہ کاری اور غیرملکی ایئرلائنز بند ہورہی ہیں۔

**بقیہ 31**

راولپنڈی انسٹیٹوٹ آف یورالوجی سے نہ صرف جڑواں شہر راولپنڈی اور اسلام آباد کے شہری مستفید ہورہے ہیں بلکہ گلگت بلتستان، کے پی کے، اور آزاد کشمیر کے عوام بھی اس میں موجود جدید سہولیات سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی انسٹیٹوٹ آف یورالوجی تمام جدید سہولیات سے مزین سٹیٹ آف دی آرٹ علاج گاہ ہے جس سے گردے اور مثانے کے امراض میں مبتلا مریضوں کو عالمی معیار کی طبی سہولیات میسر ہیں۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ آر آئی یو کی پیتھالوجی لیب میں جدید مشنری موجود ہے، اور او پی ڈی مکمل طور پر فعال ہوچکی ہے جس سے روزانہ درجنوں مریض کو جدید سہولیات فراہم کی جا رہی ہے اور اعلیٰ تعلیم یافتہ ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف بھی موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈائیلسز سنٹر بھی مکمل طور پر فعال ہے جو دو شفٹوں میں مریضوں کو ڈائیلسز کی سہولت فراہم کررہے ہیں۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ آر آئی سی کی طرز پر آر آئی یو بھی گردے اور مثانے کے مخصوص امراض کیلئے سپیشلائزڈ سہولیات فراہم کرے گا اور اس سے کثیر تعداد میں عوام کو سہولیات میسر ہونگی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو جدید طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں اور دستیاب بجٹ اور وسائل میں پرفامنس میں بہتری لا کر عوام کو ریلیف فراہم کیا جاسکتا ہے۔

**بقیہ 32**

ہوگی مذاکرات کی میز پر ہوگی۔ پیشگی شرائط پر مذاکرات کرنے ہیں تو کوئی فائدہ نہیں۔ خیال رہے کہ جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سراج الحق کی سیاستدانوں کو ساتھ بٹھانے کی کوششوں میں مثبت پیشرفت سامنے آگئی تھی۔ ذرائع کے مطابق حکومت اور تحریک انصاف نے مذاکرات کی میز پر بیٹھنے پر آمادگی ظاہر کی تھی۔ سراج الحق نے 3 رکنی وفد کے ساتھ وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی تھی

**بقیہ 33**

ہے، چیف جسٹس اگر فل کورٹ بنا دیتے تو سب پیچھے کھڑے ہو جاتے، قومی اسمبلی میں بھی حشر ہورہا ہے، الیکشن کی گراؤنڈ میں آنے کیلئے تاریخ، رولز پر اتفاق ضروری ہے، مولانا فضل الرحمان سے بھی ملاقات کریں گے، فیئر الیکشن کیلئے ماحول سازگار بنانا ہوگا۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے مزید کہا کہ ایران، سعودی عرب میں دوستی ہوگئی ہے، افغانستان سے امریکا نکل گیا ہے، اب کوئی اور ہمیں منانے کیلئے نہیں آئے گا اپنا مسئلہ حل کرنا ہوگا، اگر ہم کردار ادا نہ کرسکے

**بقیہ 34**

روپیڈیلرز مارجن 7 روپے ہے۔

**بقیہ 35**

قریب ہوچکے ہیں بلکہ پاکستان کی مدد بھی کررہے ہیں وزیراعظم شہباز شریف، فنانس منسٹر اسحاق ڈار اور انکی ٹیم دن رات پاکستان کی بہتری کے لئے کام کررہی ہے عنقریب پاکستان کے حالات مزید بہتر ہوجائیں گے۔

**بقیہ 36**

پر 1850 اور فینسی نمبر پلیٹ کے استعمال پر 792 افراد کیخلاف کارروائی عمل میں لائی گئی اور گاڑیوں سے کالے شیشے اور فینسی نمبر پلیٹ اتارے اور خلاف ورزی کرنیوالوں پر جرمانے عائد کردیئے۔ چیف ٹریفک آفیسر قمر حیات خان نے کہا ہے کہ سٹی ٹریفک پولیس پشاور قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لئے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی جبکہ خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کالے شیشوں کے استعمال اور بغیر نمبر پلیٹ کے گاڑیاں چلانے پر پابندی عائد ہے جس کے خلاف سٹی ٹریفک پولیس پشاور الرٹ ہے اور کسی کے ساتھ نرمی نہیں برتی جائیگی کیونکہ قانون ہر خاص وعام کیلئے یکساں ہے جس سے کوئی مبرا نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہری ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور ٹریفک قوانین کی پاسداری کرتے ہوئے محب وطن پاکستانی ہونے کا ثبوت دیں۔

**بقیہ 37**

حضرت مولانا عبدالحق اور میرے والد شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق شہید کے شاگرد بھی رہے ان کی دینی، ملی اور سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علما اسلام (س) کے مرکزی سالار وامیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا اس موقع پر امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی قاری واحد بخش قاری رحمت اللہ لاشاری انجینئر خالد ٹیپو عبدالحمید تونسوی سمیت دیگر رہنماؤں بھی موجود تھے۔ مولانا حامد الحق حقانی نے مزید کہا کہ مولانا عبدالشکور کی شہادت اتفاقی حادثہ نہیں بلکہ گہری سازش اور پلاننگ لگتی ہے حکومت سازش کو بے نقاب کر کے ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

**بقیہ 38**

سنرل کی بکتر بند کو راکٹ لگا لیکن کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

**بقیہ 39**

بنائیں۔ زائد کرایہ وصول کرنے پر ٹرانسپورٹر مالکان کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا لہذا مسافر گاڑیاں اوورلوڈنگ، اوور چارجنگ سے گریز کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیٹرولنگ افسران ٹال پلازہ پر الرٹ رہیں۔ کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کے لیے قومی شاہراہ پر مخصوص پوائنٹس پر اضافی نفری اور اسپیشل سکواڈ تعینات کردیا گیا۔ جبکہ ٹھوکر نیاز بیگ پر موجود گائیڈینس سینٹر پر خصوصی ڈیسک بھی قائم کیا گیا جہاں اپنی شکایات نوٹ کروائی جا سکتیں ہیں۔ ترجمان موٹروے پولیس کا کہنا ہے کہ دوران سفر معلومات، شکایات اور مدد کے لیے 130 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

**بقیہ 40**

اداروں اور صنعتوں کو قومیانے کی باتیں کررہے ہیں، گزشتہ دنوں ایک بیوروکریٹ نے آئی پی پیز کو قومیانے کی بات کی۔ رپورٹ میں ادارے قومیانے کی پالیسی پر تنقید کرتے ہوئے لکھا گیا ہے کہ 1968 میں بیوروکریٹ ڈاکٹر محبوب الحق نے یہ نعرہ دیا کہ ملکی دولت پر بائیس خاندانوں کا قبضہ ہے، آج کہا جارہا ہے کہ ملکی دولت اکتیس خاندانوں کے تسلط میں ہے۔ ڈاکٹر محبوب الحق کے نعرے کی بنیاد پر ذوالفقار علی بھٹو نے اداروں کو نیشنلائز کرکے تباہی مچادی۔ لیکن بھٹو کے بعد ان کی بیٹی بینظیر بھٹو نے نیشنلائزیشن کی پالیسی کو ختم کرتے ہوئے نواز شریف سے بھی زیادہ اداروں کی نجکاری کی اور نیشنلائزیشن کی پالیسی کے غلط ہونے پر مہر تصدیق ثبت کردی۔ آج جبکہ دنیا میں کہیں بھی نیشنلائزیشن کی حوصلہ افزائی نہیں کی جاتی، ایسے میں نیشنلائزیشن کی باتیں کرنا ملکی معیشت سے کھلواڑ کرنے کے مترادف ہے۔ بھارت میں دس سال قبل پلاننگ کمیشن کو ختم کردیا گیا تھا، جبکہ ہمارا پلاننگ کمیشن ابھی بھی سات ٹریلین روپے کے پراجیکٹ چلا رہا ہے، جس کی وجہ سے کرپشن ہورہی ہے اور منصوبے مہنگے پڑ رہے ہیں۔ پی ایس ڈی پی کی انویسٹمنٹ پر تحقیق کی ضرورت ہے۔ نظام کی خرابیوں کو دور کرنے کی بجائے پلاننگ کمیشن کی ساری توجہ نئے اور پرانے پراجیکٹس کے لیے قرضے حاصل کرنے پر مرکوز ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اداروں کو نیشلائز کرنے کی بجائے ملک میں بہتر کاروباری ماحول پیدا کرنے کی ضرورت ہے

**بقیہ 41**

اسلام آباد کے میریٹ ہوٹل سے سیکریٹریٹ چوک جا رہے تھے کہ تیز رفتار ڈبل کیبن گاڑی نے ان کی گاڑی کو ٹکر ماردی۔ سر پر چوٹ آنے سے مفتی عبدالشکور موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے تھے۔ گزشتہ روز مرحوم مفتی عبدالشکور کو ان کے آبائی علاقے لکی مروت میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

**بقیہ 42**

کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے بیان کے مطابق پاکستان کی مسلح افواج دہشت گردی کی لعنت کو کسی بھی قیمت پر ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ایسی قربانیاں ہی ہمارے عزم کو مضبوط کرتی ہیں۔ واضح رہے کہ جنوبی وزیرستان کے ضلع زرملان میں سکیورٹی آپریشن کے دوران پاک فوج کے 2 جوان شہید ہوگئے تھے۔ اس واقعے میں 8 دہشت گرد بھی مارے گئے تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے ہفتے کو انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا، اس دوران فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں لانس نائیک شعیب علی (عمر 25 سال، رہائشی پاراچنار، ضلع کرم) اور سپاہی رفیع اللہ (عمر 22 سال، ساکن ضلع لکی مروت) بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔ شہدا نے سوگواران میں بیواؤں اور والدین کو غمگسار چھوڑا ہے

**بقیہ 43**

کانگریس مین، بریڈ شرمین نے اس تاثر کو مسترد کردیا کہ وہ عمران خان کی پاکستان میں اقتدار میں دوبارہ آنے کے لیے لابنگ کررہے ہیں۔ تاہم بریڈ شرمین نے اس بات کی تصدیق کی کہ حال ہی میں انھوں نے عمران خان سے بات کی اور پاکستان میں انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ بریڈ شرمین کے بقول گفتگو کے دوران عمران خان نے امریکا کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کرنے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتا ہوں۔ خیال رہے کہ بریڈ شرمین نے امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن کو لکھے گئے خط میں پاکستان میں سیاسی صورت حال اور گرفتاریوں کے تناظر میں مطالبہ کیا تھا

**بقیہ 44**

ساتھ ساتھ پٹرول اور ڈیزل میں پٹرولیم لیوی کی مد میں 50-50 روپے اضافی وصول کررہی ہے۔ عالمی مارکیٹ میں پٹرولیم کی گرتی ہوئی قیمتوں کے باوجود پاکستانی عوام ریلیف سے محروم ہیں پٹرول اور ڈالر کی اونچی اوڑان نے کاروبار کرنے والوں کیلئے مشکلات کے انبار لگادیئے ہیں۔ پٹرول مصنوعات میں اضافہ کو جواز بنا کر بجلی کی ماہانہ اور سہ ماہی فیول ایڈجسٹمنٹ میں بھی اضافہ ہوگا جس سے صنعتی وتجارتی شعبہ پر مزید اضافہ بوجھ پڑے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین سہیل اکبر، احسن منیر چاولہ وائس چیئرمین کے ہمراہ صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ میاں خرم الیاس نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات میں اضافہ سے صنعتی شعبہ کے ٹرانسپورٹیشن اخراجات میں اضافہ سے اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ سے جاری مہنگائی میں بھی مزید ہوشربا اضافہ ہوگا۔ حکومت آئی ایم ایف کی شرائط کو پورا کرتے عوام کو قربانی کا بکرا بنارہی ہے اور اس پر ٹیکسوں کا بوجھ لاد رہی ہے جبکہ آئی ایف قرض کی بجائے مزید شرائط لاگو کررہا ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ آئی ایم ایف سے جان چھڑالی جائے کیونکہ آئی ایم ایف پروگرام کبھی بھی ملک میں خوشحالی نہیں لایا بلکہ یہ پروگرام ہمیشہ پاکستانی عوام کے لیے بدحالی کا باعث بنا۔

**بقیہ 45**

جماعت اسلامی کی کانفرنس سے کوئی دلچسپی نہیں، وہ صرف عدلیہ کے فیصلے سے فرار چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی سے بہتر کوئی نہیں جانتا کہ نواز شریف، شہباز شریف قابل اعتماد نہیں، یہ وہی شہباز شریف ہیں، جنہوں نے واجپائی کی خوشنودی کیلئے قاضی حسین احمد پر پولیس حملہ کرادیا تھا، مسلم لیگ ن نے جماعت اسلامی کے عمر رسیدہ کارکنوں پر بدترین پولیس تشدد کرایا تھا۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ شہباز شریف حکومت کی باغیانہ روش قومی سلامتی کیلئے خطرہ بن چکی ہے، اس خطرے سے فوری طور پر نہ نمٹا گیا تو ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے، رانا ثناء اللہ کی کوئی اوقات نہیں، وہ نواز شریف اور شہباز شریف کے کہنے پر عدلیہ کو دھمکیاں دے رہے ہیں۔ سابق وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ حکومت کے عدلیہ کے خلاف اعلان جنگ سے پوری دنیا میں پاکستان کی جگ ہنسائی ہورہی ہے، شہباز شریف اور رانا ثناء اللہ ملک کو سرزمین بے آئین بنانا چاہتے ہیں۔

**بقیہ 46**

نہ ہو۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ معیشت کو گزشتہ ساڑھے چار سال میں جو نقصان پہنچا اس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی ہے، وطن عزیز کی سلامتی کیلئے آج نہ چاہتے ہوئے بھی پی ڈی ایم حکومت کو مشکل فیصلے کرنے پڑ رہے ہیں، سابق پی ٹی آئی حکومت کا آئی ایم ایف سے سخت شرائط پر معاہدہ کرنا اور پھر اپنی مقبولیت میں اضافہ کیلئے اس معاہدے سے روگردانی کا خمیازہ آج پورا ملک بھگت رہا ہے، اس نازک دور سے نکلنے کیلئے قوم کو سیاسی پوائنٹ سکورنگ کرنے والے کے جھانسے میں آئے بغیر صبر وتحمل اور دوراندیشی سے کام لینا ہوگا، عنقریب اچھے دور کا آغاز ہونے والا ہے۔

**بقیہ 47**

مقدمہ درج کروا دیا گیا۔ تفصیل کے مطابق مقامی عدالت کے ریڈر نے تھانہ سول لائن میں دی جانے والی درخواست میں بتایا کہ ملزم آصف اور عبدالمنان نے بطور ضامن ملزم علی رضا کی ضمانت منظور ہونے پر مچلکے جمع کروائے تھے اور ملزم عدالت سے غیر حاضر ہونے پر فاضل جج نے ضامنوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے جائیداد قرق کرنے کی سزا کا حکم سنایا، جس پر فاضل عدالت نے ضامن کی طرف سے جمع کروائی گئی فرد جمعبندی تصدیق کیلئے متعلقہ پٹواری کو بھجوائی وہ جعلی نکلی۔ جس پر تھانہ سول لائن پولیس نے دھوکہ دہی، فراڈ اور جعلسازی کے الزام میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے۔

**بقیہ 48**

سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا، ملزم کو جلد قانون کی گرفت میں لے آئیں گے۔ دوسری جانب سرگودھا بھلوال روڈ کے موضع ماڑی میں گھریلو تنازعہ پر مسلح نوجوان اسامہ نے فائرنگ کرکے نوجوان کزن آصف کو قتل کردیا، پولیس تھانہ جھال چکیاں نے مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر کے قاتل ملزم کو گرفتار کر لیا۔ جبکہ ریجن کے علاقہ دامن کے گاں اوکھلی موہلہ میں اراضی کے تنازعہ پر شیر افضل نے فائرنگ کر کے اپنے بھائی سکندر کو شدید زخمی کردیا اور فرار ہوگیا جس کو ہسپتال منتقل کرکے پولیس دونوں واقعات پر مقدمات درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔ علاوہ ازیں شفیق آباد پولیس نے اندھے قتل کا معمہ حل کرکے تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ چند روز قبل شفیق آباد کے ایریا سے نامعلوم شخص کی تشدد زدہ لاش ملی تھی۔

**بقیہ 49**

آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول سے کیا گیا مرکزی مسجد فیضان مدینہ گوجر خان میں افطار اجتماع کا اہتمام طیب محمود اور طاہر محمود) یوکے (کی طرف سے کیا گیا جس میں معتکفین سمیت بڑی تعداد نے شرکت کی جہاں پر افطار سے قبل علامہ تیمور مدنی نے سنتوں بھرا بھرا بیان کیا آخر میں دعائیہ تقریب ہوئی جس میں طیب محمود) یوکے (طاہر محمود) یوکے (اور انکی نومولود پوتی اور انکی فیملیز کے لیے اور تمام امت مسلمہ کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں مسجد فیضان مدینہ کی انتظامیہ نے تمام امور کو احسن طریقے سے سرانجام دیا تمام تر انتظامی امور، نثار عطاری، جاوید عطاری علامہ عادل مدنی، علامہ شکیل عطاری نے اپنی زیر نگرانی مکمل کیے اور دعوت اسلامی کے ساتھ تعاون کرنے والوں کو خوبصورت الفاظ کے ساتھ خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا اللہ پاک ان عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دنیا وآخرت کی بھلائیاں نصیب فرمائے جو دعوت اسلامی کے ساتھ دین کی تبلیغ کے لیے تعاون کرتے ہیں دیگر تعمیراتی دینی کاموں میں پیش پیش ہوتے ہیں اللہ پاک ان عاشقان رسول کے رزق حلال میں برکتیں عطا فرمائے انکی تمام حاجات کو پورا فرمائے انکی اور انکی اولاد کی خیر فرمائے ان کی تمام پریشانیاں دور فرمائے اس ماہ مبارک کے صدقے میں انکو دین ودنیا کی کامیابیاں عطا فرمائے ان کے مرحومین کی مغفرت فرمائے آمین

**بقیہ 50**

۔ فیکٹری سے جعلی مشروبات رمضان میں سستے داموں فروخت کے لیے ضلع کے مختلف مقامات پر سپلائی کیے جاتے تھے۔ فوڈ سیفٹی اتھارٹی نے فیکٹری سے جعلی مشروبات تیار کرنے والی مشینری اور پیکنگ میٹریل ضبط کر کے فیکٹری سیل کردی۔ ڈائریکٹر جنرل کی ہدایت پر صحت عامہ کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کردیا گیا ہے

**بقیہ 51**

ہفتے تک ملتوی کردی۔ خیال رہے کہ 22 مارچ کو لاہور ہائی کورٹ نے ایک شہری کی درخواست پر حکومت کو 1990 سے 2001 تک توشہ خانہ کا ریکارڈ 7 روز میں پبلک کرنے کا حکم دیا تھا۔

**بقیہ 52**

پائلٹ کے خون اور پیشاب کے نمونے حاصل کیے گئے، ایئر بس کمپنی کو قطر ایئرویز کیو آر 614 ٹیل اسٹرائیک واقعے سے آگاہ کردیا گیا۔ ترجمان سی اے اے کے مطابق ایئر کرافٹ انجینئروں کے معائنے کے بعد طیارہ (AOG) یعنی 'ایئر کرافٹ ان گراؤنڈ' قرار دیا گیا۔ سی اے اے شعبہ ایئر ورد نیس اور ایئر کرافٹ ایکسیڈنٹ انویسٹی گیشن بورڈ کے ارکان نے بھی طیارے کا معائنہ کیا۔ ترجمان کے مطابق سی اے اے اور اے اے آئی بی تفصیلی رپورٹ تیار کر رہے ہیں، ایئر لائن نے تمام مسافروں کو ہوٹل منتقل کردیا۔

**بقیہ 53**

نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کا روز اول سے یہ مطالبہ رہا ہے کہ انتخابات اپنی آئینی مدت 90 روز میں ہی ہونے چاہیں یہی سیاسی اور جمہوری استحکام کے لئے ناگزیر ہے موجودہ رجیم چینج حکمران اور پی ڈی ایم اے میں شامل تمام جماعتیں پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان اور پارٹی کی بڑھتی ہوئی عوامی مقبولیت سے گھبرا رہے ہیں اور انتخابات میں جانے سے گریز کر رہے ہیں کیونکہ انہیں پارٹی کی مقبولیت سے اپنی شکست انتخابات سے قبل ہی واضح نظر آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ آئندہ انتخابات میں پی ڈی ایم جماعتوں کا ٹکٹ لینے والا کوئی نہیں ملے گا اور ملک بھر میں پی ڈی ایم کو عبرتناک شکست ہوگی۔

**بقیہ 54**

کے لیے مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں۔ عید گاہوں اور متعلقہ روٹس کی مکمل صفائی کی جائے جبکہ دھلائی کے بعد فنائل اور چونا بھی ڈالا جائے انہوں نے مزید کہا کہ عید گاہوں کے تمام راستوں پر بلڈنگ میٹریل اور تجاوزات فوری طور پر ہٹائے جائیں اور سڑکوں، گلیوں، محلوں میں سیوریج کے گٹروں پر ڈھکن یقینی بنائے جائیں۔ سیکرٹری بلدیات نے پنجاب بھر کے چیف افسران کو ہدایت کی کہ صفائی ستھرائی کے لیے خصوصی پلان مرتب کریں۔ وہ سٹریٹ لائٹس، پیچ ورک اور دیگر کام اپنی نگرانی میں مکمل کروائیں

**بقیہ 55**

تلاش شروع کردی ہے۔ تفصیلات کے مطابق 100 ج ب کے نواحی علاقہ سلطان نگر کے رہائشی 70 سالہ محمد شفیق ولد غلام نبی کی بیٹی کی شادی محمد احمد کے ساتھ ہوئی تھی، ان کے ہاں دو بچے پیدا ہوئے، ملزم محمد احمد نشہ کا عادی ہے جسکی وجہ سے اسکی اہلیہ شوہر سے ناراض ہوکر میکے آگئی تو گزشتہ شب سحری کے وقت ملزم محمد احمد سسرال آیا اور بیوی کو ساتھ چلنے کو کہا تو مبینہ طور پر اسکے سسر محمد شفیق نے بیٹی کو ساتھ بھیجنے سے انکار کیا تو اس نے فائرنگ کردی، گولیاں لگنے سے محمد شفیق موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ پولیس نے اطلاع ملنے پر نعش قبضہ میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے قاتل داماد کی تلاش شروع کردی

**بقیہ 56**

اہلکاروں کے ساتھ مل کر سرسید چوک میں واقع پارکنگ سے زبردستی شہری سے گاڑی لے اڑے۔ شہری دادرسی کے لئے معزز جج اکرام الحق چوہدری کی عدالت میں پہنچ گیا۔ معزز عدالت نے دونوں فریقین کو سنتے ہوئے ایس ایچ او نیو ٹاؤن اعزاز عظیم، اے ایس آئی وقار اور نامعلوم پولیس اہلکاروں کے خلاف پاکستان پینل کوڈ 395 اور پولیس آرڈر 2002 کی خلاف ورزی 155C کے تحت مقدمہ درج کرنے کا حکم دیا لیکن تاحال مقدمہ درج نہ ہوسکا۔ ذرائع کے مطابق ایس ایچ او نیو ٹاؤن پر اعلیٰ افسران کا دست شفقت ہے، جس کی وجہ سے نیو ٹاؤن پولیس اسٹیشن کی کارکردگی صفر ہے نیو ٹاؤن پولیس فرضی ایف آئی آرز کے علاوہ حقیقی کاروائی کی طرف توجہ دینے سے قاصر ہے۔ ایس ایچ او نیو ٹاؤن اعزاز عظیم کی نااہلی کی وجہ سے نیو ٹاؤن منشیات فروشوں اور جسم فروشوں کا گڑھ بن چکا ہے۔ عوام نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی اور وزیراعظم پاکستان شہباز شریف سے اپیل کی ہے کہ ایس ایچ او نیو ٹاؤن کی جگہ کوئی ایماندار اور قابل آفیسر تعینات کیا جائے تاکہ نیو ٹاؤن میں جرائم کو کنٹرول کیا جاسکے۔

**بقیہ 57**

بہت اچھا کام کررہی ہے۔ پارکنگ بحالی کیلئے کاروباری افراد کو عید کی چھٹیوں تک کی مہلت دی جاتی ہے۔ کمرشل عمارتوں، پلازوں شاپنگ سنٹرز، میگا سٹورز کو مطلع کیا جاتا ہے پارکنگ کی جگہ پر پارکنگ فوری بنائیں۔ پارکنگ کے لیے مختص جگہ پر کاروباری سرگرمیاں اور تجاوزات نہیں چلنے دیں گے۔ شہر میں ٹریفک کے آدھے مسائل پارکنگ کے لیے مختص جگہ پر تجاوزات بننے کی وجہ سے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ شہر بھر میں بلا امتیاز کارروائی ہوگی اور کرپشن کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔

**بقیہ 58**

موجود تھا جہاں ملزم نے جعلی پولیس وردی پہن رکھی تھی جس کے قبضے سے ایک عدد لوڈ شدہ پستول بمعہ کارتوس برآمد کی گئی جبکہ تلاشی کے دوران جعلی پولیس سروس کارڈ بھی برآمد کیا گیا۔ گرفتار ملزم کا تعلق علاقہ شاکس متنل خیل سے ہے۔ ملزم ایکوا موٹر کار پر سرکاری نمبر پلیٹ ACJ049Police لگا کر علاقے میں موجود تھا، ملزم کو گرفتار کر کے جرم و حوالات منتقل کر دیا گیا جہاں مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی پی او خیبر نے دیگر ملوث ملزمان کی گرفتاری اور مبینہ طور پر حاضر پولیس کے ملوث ہونے پر ایس پی انویسٹی گیشن خیبر کی سربراہی میں تحقیقاتی ٹیم تشکیل دے دی جو جلد اپنی رپورٹ ڈی پی او خیبر کو پیش کرے گی۔

**بقیہ 59**

کی تیاری کرلی گئی ہے۔ ہمارا تحفظ کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، اگر تحفظ نہ کیا گیا تو ہم اپنے بڑوں کا تحفظ اپنے ہاتھ میں لے لیں گے۔

**بقیہ 60**

نقشبندی میڈیا سے گفتگو میں کررہے تھے انہوں نے مزید کہا کہ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ (1) وَمَا اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ (2) لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ (3) تَنَزَّلُ الْمَلٰٓىٕكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ (4) سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ (5) (سورہ القدر) رات اور دن اللہ تعالیٰ نے بنائے' بعض راتوں کو بعض پر فضیلت بخشی اور بعض دنوں کو بعض دنوں پر فضیلت بخشی' جیسے جمعۃ المبارک کو سید الایام کہا گیا' تو اسی طرح لیلۃ القدر کو سید الیل کا درجہ حاصل ہے کیونکہ قرآن مجید میں اس رات کو ہزار راتوں سے بہتر کہا گیا ہے، لیلۃ' اور یوم زمانے کے دو ٹکڑوں کے نام ہیں' دن رات کو ملایا جائے تو چوبیس گھنٹے ایک دن کہلاتا ہے' سات یوم کو ایک ہفتہ' چار ہفتوں کو ایک مہینہ' بارہ ماہ کو ایک سال اور سو سالوں کو ایک صدی کہتے ہیں' جس کو دھر بھی کہتے ہیں، یہ سب زمانے کے ٹکڑے ہیں' جیسے یہ ٹکڑے برابر نہیں ایسے ساعتیں بھی برابر نہیں ہیں' کوئی افضل کوئی غیر افضل ہے، افضل تمام صدیوں میں افضل صدی وہ ہے جس میں سرکار دوعالم تشریف لائے' آپ مقصود الکائنات ہیں' جس دن وہ ہستی پیدا ہوئی وہ سب سے افضل ہے، افضل سال: سب سے افضل وہ سال ہے جس میں سرکار دوعالمؐ نے ہجرت فرمائی' وہ سال یادگار ہے سن ہجری کے نام سے پکارا جاتا ہے' پھر سال کے مہینوں میں افضل ماہ رمضان ہے' اس کی راتوں میں افضل رات لیلۃ القدر ہے' بعض علماء کرام نے کہا ہے راتوں میں میلاد النبی کی رات سب سے افضل ہے، عاشقان رسول عید میلاد النبی اور خدا کے غضب سے نجات کے لیئے شب قدر یا لیلۃ القدر کی رات مساجدوں گھروں میں خاص اہتمام کر کے اپنے کبیرہ صغیرہ گناہوں کی معافی تلافی کا رونا رب العزت کی بارگاہ میں عاجزانہ ہاتھ پھیلائے اور خواتین اپنی جھولی پھیلا کر مغفرت کے طلب گار ہوتے ہیں اللہ معافی مانگنے والوں کو پسند اور معاف کرنا ہی اس کی شان کریمی ہے۔

**بقیہ 61**

مناسبت سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام سیمینارز اور واک کا اہتمام کیا جائے گا۔ دنیا میں سب سے پہلے 1970ء کو اقوام متحدہ کے زیر انتظام امریکہ میں زمین کا عالمی دن منایا گیا تھا جس کا مقصد دنیا بھر کو ماحولیاتی آلودگی سے بچانے کیلئے زیادہ سے درخت لگانے کی جانب راغب کرنا ہے اور آج باون برس بعد دنیا بھر کے ممالک بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی سے زمین کو بچانے کیلئے شجرکاری مہم چلا رہے ہیں اس روز دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی سماجی تنظیموں، طلباء و طالبات مختلف پروگراموں میں زمین کے عالمی دن کی افادیت کو اجاگر کریں گے

**بقیہ 62**

، چیک سمیت دیگر ثبوت بھی مدعی مقدمہ کی طرف سے پیش نہیں کئے گئے۔ وکیل نے بتایا کہ مدعی مقدمہ اور علی زیدی کے درمیان لین دین کا کوئی ثبوت نہیں، مدعی نے پراپرٹی سے متعلق بھی کوئی دستاویزات پیش نہیں کیں، 2013 سے اب تک کوئی درخواست نہیں دی گئی۔ علی زیدی نے عدالت میں بیان دیا کہ مدعی مقدمہ کو جانتا ہوں اور نہ ہی کبھی ملا ہوں، جس دن کا ذکر کررہے ہیں اس روز میں بیرون ملک تھا، میرا پاسپورٹ دیکھ لیں۔ صدر پی ٹی آئی سندھ نے بیرون ملک ہونے کا ریکارڈ عدالت میں پیش کردیا۔ یاد رہے کہ علی زیدی کو مبینہ فراڈ کیس میں ابراہیم حیدری پولیس نے گرفتار کیا تھا، ترجمان پی ٹی آئی سندھ نے کہا کہ صوبائی صدر علی زیدی تنظیمی عہدیداران سے ملاقاتیں کررہے تھے کہ کچھ اہلکار بغیر وارنٹ کے دفتر میں داخل ہوئے اور علی زیدی کو گرفتار کر لیا، پولیس اہلکاروں نے علی زیدی کو گرفتار کرکے نامعلوم مقام پر منتقل کردیا، اہلکار جاتے وقت دفتر سے کچھ افراد کے موبائل فون بھی ساتھ لے گئے۔ ترجمان تحریک انصاف سندھ نے پارٹی دفتر میں چھاپے اور پی ٹی آئی سندھ کے صدر کی گرفتاری کی مذمت کی۔ فردوس شمیم نقوی نے کہا کہ سندھ پولیس نے پی ٹی آئی سندھ آفس میں توڑ پھوڑ بھی کی، سندھ حکومت کیلئے شرم سے ڈوب مرنے کا مقام ہے۔

**بقیہ 63**

میں 668 مرد اور 25 خواتین گداگر شامل ہیں۔ رواں سال کے دوران عادی وجرائم پیشہ بھکاریوں کے خلاف جاری کارروائیوں کے نتیجے میں اب تک مجموعی طور پر 2295 گداگروں کو حراست میں لے کر ان کے خلاف متعلقہ تھانوں میں 2291 مقدمات درج کئے گئے۔ ترجمان لاہور پولیس کے مطابق رواں سال گرفتار کئے جانے والے گداگروں میں 2223 مرد، 67 خواتین اور ان کے 05 سہولت کار شامل ہیں۔ ترجمان کے مطابق رواں ماہ کے پہلے 15 روز کے دوران سٹی ڈویژن پولیس نے سب سے زیادہ 174، ماڈل ٹاؤن ڈویژن نے 141، کینٹ ڈویژن نے 113، سول لائنز پولیس نے 101، صدر ڈویژن نے 93 جبکہ اقبال ٹاؤن ڈویژن پولیس نے 71 پیشہ ور گداگروں کو گرفتار کیا۔

**بقیہ 64**

حکومت سے رابطے میں ہیں کیونکہ مردم شماری پر سندھ حکومت کے تحفظات ہیں اور ان کے خدشات دور کئے جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک بھر میں عوام مہنگائی سے پریشان ہیں، ڈیزل اور پٹرول کی قیمت بڑھنے سے ہر چیز مہنگی ہوگئی ہے، کہا گیا کہ بسوں کے کرائے بڑھائے جائیں، حکومت نے بسوں کے کرائے نہ بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے، اضافی کرائے لینے والوں کے خلاف مقدمہ درج ہوگا۔ شرجیل میمن نے کہا کہ گندم اور آٹے کی فراہمی کا ایک بڑا ایشو ہے، حکومت نے گندم کی سپورٹ پرائس میں کمی نہیں کی، ملک میں سب سے زیادہ سپورٹ پرائس سندھ حکومت نے دی اور پی ٹی آئی نے سوشل میڈیا پر جھوٹی مہم چلائی۔ وزیر اطلاعات سندھ نے سابق امریکی سفارتکار زلمے خلیل زاد کے حالیہ بیان پر بات کرتے ہوئے کہا کہ زلمے خلیل زاد خود ایک کرپٹ ترین شخص ہے جو پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کررہے ہیں، عمران خان اور زلمے خلیل زاد میں ایک چیز مشترک ہے کہ دونوں طالبان کے حامی اور منی لانڈرر ہیں۔ شرجیل میمن کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ سیعد التوں کا احترام کرتی ہے، افتخار چوہدری سے اختلاف کے باوجود ان کی بحالی کیلئے مہم چلائی، افتخار چوہدری سے پہلےکوئی صحافی عدالت نہیں جاتا تھا اور افتخار چوہدری سے پہلے کورٹ رپورٹنگ بیٹ نہیں ہوتی تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست آئین کی بالادستی اور اداروں کی آزادی کیلئے ہے، پیپلز پارٹی حکومت کا ہر اقدام عدالت میں چیلنج ہوجاتا تھا سپریم کورٹ میں کوئی سندھی بولنے والا جج نظر نہیں آتا ہے۔

**بقیہ 65**

قاضی نے سائلین کی درخواستوں پر موقع پر ہی احکامات جاری کرو یئےصوبائی سیکرٹری صحت ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں کھلی کچہری کے ذریعے سائلین کی درخواستوں پر روزانہ کی بنیاد پر ترجیحی بنیادوں پر شنوائی کی جارہی ہے۔ محکمہ میں تمام افسران کو سائلین کی درخواستوں پر فوری عملدرآمد کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ سائلین کے مسائل کے حل کیلئے میرا دفتر ہر وقت حاضر ہے۔ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں سائلین کی درخواستوں پر پراسیس کو تیز کردیا گیا ہے۔ سائلین کی درخواستوں پر فوری فیصلے کئے جارہے ہیں۔ صوبائی سیکرٹری صحت ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے مزید کہا کہ کسی سائل کی درخواست پر تاخیری حربے برداشت نہیں کریں گے۔ سائلین کی درخواستوں پر سو فیصد میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا۔ درخواستوں پر فوری عملدرآمد سائلین کا بنیادی حق ہے۔ سائلین کو لمبی قطاروں میں کھڑا رکھنے کی بجائے روزانہ کھلی کچہری کے ذریعے درخواستوں پر ترجیحی بنیادوں پر شنوائی کو ترجیح دی جارہی ہے۔

**بقیہ 66**

زاد سے مطالبہ کیا کہ وہ پاکستانی رہنماؤں اور اداروں کے خلاف جھوٹے اور بے بنیاد الزامات لگانا بند کریں اور خطے میں امن واستحکام کے لئے کام کرنے پر توجہ دیں۔

**بقیہ 67**

ملزمان نے گزشتہ روز پندرہ سالہ لڑکی سے تھانہ ڈلوریام کی حدود میں زیادتی کی۔ ڈی پی او پاکپتن نے کہا کہ خواتین اور بچوں کے جنسی استحصال میں ملوث ملزم کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

# سپریم کورٹ اسٹیبلشمنٹ اور الیکشن کمیشن کو غیر جانبدار ہونا ہوگا: سراج الحق

## پی ڈی ایم کے علاوہ دیگر جماعتیں بھی سٹیک ہولڈرز ہیں، ہماری کوشش ہے تمام پارٹیوں سے رابطہ کیا جائے

## سراج الحق نے کہا کہ مسئلہ غریب عوام کا ہے انہیں مسائل کی دلدل سے نکالنا ہوگا، عید کے بعد ہم آگے بڑھیں گے

لاہور (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ پہلا قدم اٹھایا جائے تو مسائل حل ہو سکتے ہیں، دونوں کو اپنی اپنی لکیر سے پیچھے ہٹنا ہوگا، سیاست ایک دوسرے سے بات چیت کا ہی نام ہے، اگر پی ڈی ایم کی مرضی کے مطابق الیکشن نہیں ہوگا تب بھی مسائل ہوں گے۔ سراج الحق نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور عمران خان نے رابطہ کمیٹی کا اعلان کیا ہے، پی ڈی ایم کے علاوہ دیگر جماعتیں بھی سٹیک ہولڈرز ہیں، ہماری کوشش ہے تمام پارٹیوں سے رابطہ کیا جائے، چاہتے ہیں ایک نقطے پر سب کو راضی کر لیا جائے، یہ ملک ہم سب کا ہے، اگر نیلسن منڈیلا 30 سال لڑائی کے بعد بیٹھ سکتے ہیں تو ہم کیوں نہیں۔ سراج الحق نے کہا کہ مسئلہ غریب عوام کا ہے انہیں مسائل کی دلدل سے نکالنا ہوگا، عید کے بعد ہم آگے بڑھیں گے، اس وقت پورا سسٹم جام ہو گیا (بقیہ نمبر 33)


لاہور: رانا ثنا کی گفتگو قوم کے سامنے، حکومت مذاکرات کیلئے سنجیدہ نہیں: شاہ محمود

# تحریک انصاف نے حکومت کے سامنے مذاکرات کیلئے 3 شرائط رکھ دیں

## اپوزیشن لیڈر کا عہدہ پی ٹی آئی کو دیا جائے، تمام ارکانِ قومی اسمبلی کے استعفے منظور کرنے کا فیصلہ واپس لیا جائے

## عمران خان سمیت پی ٹی آئی کے گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف درج مقدمات واپس لیے جائیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف اور حکومت میں مذاکرات کا معاملہ، تحریک انصاف نے مذاکرات کے لیے اپوزیشن لیڈر کا عہدہ مانگ لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تحریک انصاف نے براہ راست مذاکرات کے لیے شرائط رکھ دیں۔ تحریک انصاف نے یہ مطالبات جماعت اسلامی کے وفد سے ملاقات میں پیش کیے۔ پی ٹی آئی نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت اپوزیشن لیڈر کا عہدہ تحریک انصاف کو دے۔ دوسری شرط یہ رکھی گئی کہ تمام ارکانِ قومی اسمبلی کے استعفے منظور کرنے کا فیصلہ واپس لیا جائے۔ عمران خان سمیت پی ٹی آئی کے گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف درج مقدمات واپس لیے جائیں۔ جبکہ حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت نے مذاکرات سے قبل کوئی بھی پیشگی مطالبہ نہ ماننے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ جو بھی گفتگو (بقیہ نمبر 32)


لاہور: حکومت کا مفتی عبدالشکور کو بعد از مرگ ہلال امتیاز سے نوازنے کا فیصلہ

# پٹرول، ڈیزل پر لیوی مد میں 50، 50 روپے لیٹر وصولی

## ڈیزل پر فی لیٹر ڈسٹری بیوشن مارجن 6.32 روپے ڈیلرز مارجن 7 روپے ہے

## پٹرول کی اصل قیمت 217 روپے، ڈیزل کی اصل قیمت 234 روپے فی لیٹر ہے

لاہور (نیوز رپورٹر) حکومت پٹرول اور ڈیزل پر لیوی کی مد میں 50، 50 روپے فی لیٹر وصول کر رہی ہے۔ دستاویزات کے مطابق پٹرول کی اصل قیمت 217 روپے فی لیٹر پر 50 روپے لیوی عائد ہے۔ پٹرول پر فریڈ مارجن 2.26 روپے اور ڈسٹری بیوشن مارجن 6 روپے فی لیٹر ہے۔ دستاویزات کے مطابق پٹرول پر ڈیلرز مارجن کی مد میں 7 روپے فی لیٹر ٹیکس عائد ہے۔ ڈیزل کی اصل قیمت 234 روپے فی لیٹر پر 50 روپے فی لیٹر لیوی عائد ہے۔ ڈیزل پر فی لیٹر ڈسٹری بیوشن مارجن 6.32 (بقیہ نمبر 34)

# عمران خان ملک اور قوم دشمن آدمی ہیں؛ وفاقی وزیر تعلیم

## فنانس منسٹر اسحاق ڈار اور انکی ٹیم دن رات پاکستان کی بہتری کے لئے کام کر رہی ہے

## عمران خان سائیفر کی بے بنیاد کہانی بنا کر مدد کے لئے امریکہ کو خط لکھ رہا ہے، رانا تنویر حسین

شیخوپورہ (اسپیشل رپورٹر) وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان ملک اور قوم دشمن آدمی ہیں جو خاص ایجنڈے کے تحت پاکستان میں آیا اور آج بھی امریکہ اسکے ساتھ ہے یہ امریکی پٹھو بھی ہے اور عوام دشمن بھی عوام کو اسکے متعلق سب پتہ چل رہا ہے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا مزید کہنا تھا کہ عمران خان سائیفر کی بے بنیاد کہانی بنا کر مدد کے لئے امریکہ کو خط لکھ رہا ہے موجودہ حکومت کی مثبت پالیسیوں کی بدولت دوست ممالک نا صرف پاکستان کے (بقیہ نمبر 35)


اسلام آباد: پاکستانی بارڈرز پر جعلی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے استعمال کا انکشاف

# نیشنلائزیشن کی سوچ معیشت کے لیے تباہ کن ثابت ہو سکتی ہے؛ رپورٹ

## یہ پالیسی ماضی میں ناکام رہی، اس وقت دنیا میں کہیں بھی موجود نہیں ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مرکزی پالیسی ساز، سوشلسٹ بیوروکریٹس ایسے خیالات کو فروغ دے رہے ہیں، جن کے مضمرات پاکستان کی معیشت کیلئے خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اسلام آباد میں بیٹھے مرکزی پالیسی ساز اور اداروں میں موجود سوشلسٹ بیوروکریٹس پاکستان کو معاشی بدحالی سے نکالنے، قومی مفاد اور عوام کو ریلیف دینے کے خوشنما نعروں کے ساتھ ایسے حل تجویز کر رہے ہیں، جو ماضی میں نقصان دہ ثابت ہو چکے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ متعدد پالیسی ساز مختلف (بقیہ نمبر 40)

# مسافر گاڑیاں اوورلوڈنگ اور اوورچارجنگ سے گریز کریں، ڈی آئی جی شاہد جاوید

اوکاڑہ (نیوز رپورٹر) افسر تعلقات عامہ نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کے مطابق موٹروے پولیس نے آئی جی موٹرویز سلطان علی خواجہ کی خصوصی ہدایت پر ڈی آئی جی شاہد جاوید نے پٹرولنگ افسران کے لیے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مسافروں سے زائد کرایہ وصول کرنا قابل گرفت جرم ہے۔ ٹرانسپورٹرز ٹریفک قوانین کی پابندی کو یقینی (بقیہ نمبر 39)

# رحیم یار خان: پولیس نے خطرناک گینگ کے 8 کارندوں کو گرفتار کرلیا

## آپریشن میں ایس ایچ او کوٹ سبزل کی بکتر بند کو راکٹ لگا لیکن کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

## آپریشن میں ایس ایچ او کوٹ سبزل کی بکتر بند کو راکٹ لگا لیکن کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

رحیم یار خان (جنرل رپورٹر) پولیس نے رحیم یار خان کے کچے میں خطرناک گینگ کے 8 کارندوں کو گرفتار کرلیا۔ شبیر لاٹھانی کے ٹھکانوں پر پولیس کی کارروائی پیر کو بھی جاری رہی اور کچے میں ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن نویں روز بھی جاری رہا پولیس کے مطابق گینگ کے سرغنہ قابل سکھانی کے خفیہ ٹھکانے کا محاصرہ کر رکھا ہے، اس دوران پولیس اور گینگ کے کارندوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ آپریشن میں ایس ایچ او کوٹ سبزل کی بکتر بند کو راکٹ لگا لیکن کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس نے رحیم یار خان کے کچے میں خطرناک گینگ کے 8 کارندوں کو گرفتار کرلیا۔ شبیر لاٹھانی کے ٹھکانوں پر پولیس کی کارروائی پیر کو بھی جاری رہی اور کچے میں ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن نویں روز بھی جاری رہا پولیس کے مطابق گینگ کے سرغنہ قابل سکھانی کے خفیہ ٹھکانے کا محاصرہ کر رکھا ہے، اس دوران پولیس اور گینگ کے کارندوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ آپریشن میں ایس ایچ او کوٹ (بقیہ نمبر 38)

# مفتی عبدالشکور کی رحلت ناقابل تلافی نقصان ہے' مولانا حامد الحق حقانی

لاہور (جنرل رپورٹر) امیر جے یو آئی (س) چیئرمین دفاع پاکستان کونسل مولانا حامد الحق حقانی نے وفاقی وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور کی ناگہانی ٹریفک حادثے میں رحلت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی رحلت ملک وملت کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے، مولانا مفتی عبدالشکور دارالعلوم حقانیہ کے قابل فخر فاضل تھے وہ شیخ الحدیث (بقیہ نمبر 37)

# ٹریفک قوانین خلاف ورزی' 4600 افراد پر جرمانے عائد

## ٹریفک حکام قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، چیف ٹریفک آفیسر قمر حیات خان

پشاور (خصوصی رپورٹر) آئی جی خیبر پختونخوا اختر حیات خان کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس پشاور نے فینسی نمبر پلیٹ وغیر رجسٹرڈ گاڑیوں اور کالے شیشوں کے استعمال پر گزشتہ ہفتے 4600 افراد پر جرمانے عائد کیے۔ چیف ٹریفک آفیسر قمر حیات خان کی سربراہی میں سٹی ٹریفک پولیس پشاور نے شہر کے مختلف سیکٹروں میں بغیر نمبر پلیٹ گاڑیوں اور کالے شیشوں کا استعمال کرنیوالوں کے خلاف کارروائیاں کیں جس کے تحت کالے شیشے استعمال کرنے پر 1988، غیر رجسٹرڈ گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں چلانے (بقیہ نمبر 36)

# مفتی عبدالشکور کی گاڑی سے ڈبل کیبن ٹکرانے کا واقعہ حادثہ قرار

## گزشتہ روز مرحوم مفتی عبدالشکور کو ان کے آبائی علاقے لکی مروت میں سپردِ خاک کر دیا گیا

## پولیس نے ٹریفک نقشے اور سی سی ٹی وی ویڈیو کے مطابق واقعے کو ٹریفک حادثہ قرار دے دیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں وفاقی وزیرِ مذہبی امور مفتی عبدالشکور مرحوم کی گاڑی کو پیش آئے واقعہ کی رپورٹ حکام کو پیش کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے ٹریفک نقشے اور سی سی ٹی وی ویڈیو کے مطابق واقعے کو ٹریفک حادثہ قرار دے دیا۔ مزید تحقیقات اور حقائق تک پہنچنے کے لیے ... مولانا عبدالشکور کی گاڑی کو ڈبل کیبن گاڑی نے ہٹ کیا، گاڑی کی تیز رفتاری کے باعث ڈرائیور گاڑی کو بر وقت روک نہ سکا۔ پولیس رپورٹ میں بتایا گیا کہ پچھلی سیٹوں پر بیٹھے ظاہر محمد شاہ اور رضوان زیر علاج ہیں، گاڑی راؤ گل خان چلا رہا تھا جبکہ ارشد خان فرنٹ سیٹ پر بیٹھا تھا۔ پولیس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ڈبل ... (بقیہ نمبر 41)

# جنوبی وزیرستان، سکیورٹی آپریشن میں شہید 2 فوجی جوان پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک

جنوبی وزیرستان (خبر نگار) ضلع زرملان میں سکیورٹی آپریشن کے دوران شہید ہونے والے 2 فوجی جوانوں کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق لانس نائیک شعیب علی شہید اور سپاہی رفیع اللہ شہید کی نماز جنازہ جنوبی وزیرستان کے علاقے وانا اور بعد میں اُن کے آبائی قصبوں میں ادا کی گئی اور دونوں ... (بقیہ نمبر 42)

# الیکشن کی تاریخ پر APC کی باتیں ابھی صرف ہوائی ہیں: پرویز الٰہی

## ملاقات میں گجرات کی موجودہ سیاسی صورتحال سمیت آئندہ الیکشن کے حوالے سے لائحہ عمل مرتب کیا گیا

## رانا ثنا اللہ کی کوئی اوقات نہیں، وہ نواز شریف اور شہباز شریف کے کہنے پر عدلیہ کو دھمکیاں دے رہے ہیں، چودھری پرویز الٰہی

لاہور (نامہ نگار) مرکزی صدر تحریک انصاف و سابق وزیر اعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ الیکشن کی تاریخ پر آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) کی باتیں ابھی صرف ہوائی ہیں۔ مرکزی صدر تحریک انصاف چودھری پرویز الٰہی سے سابق وفاقی وزیر چودھری وجاہت حسین، سابق ایم پی ایز چودھری شجاعت نواز اجنالہ، چودھری خالد اصغر گھرال ایڈووکیٹ نے ملاقات کی، ملاقات میں گجرات کی موجودہ سیاسی صورتحال سمیت آئندہ الیکشن کے حوالے سے لائحہ عمل مرتب کیا گیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ گرفتاریاں اور مذاکرات ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے، حکومت کو (بقیہ نمبر 45)


مظفر آباد: آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا اجلاس شروع ہوتے ہی کل 11 بجے تک ملتوی

# پٹرول اور ڈالر کی اونچی اوڑان نے کاروبار کرنے والوں کیلئے مشکلات کے انبار لگا دیئے، میاں خرم الیاس

لاہور (جنرل رپورٹر) صنعتکار رہنما چیئرمین ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن لاہور میاں خرم الیاس نے پٹرول کی قیمت میں 10 روپے فی لیٹر اضافہ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا بھر کی مارکیٹوں میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہو رہی ہیں جبکہ ملک میں آئی ایم ایف کے دباؤ پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ حکومت دوسرے بے شمار ٹیکسوں کے (بقیہ نمبر 44)

# عمران خان نے یقین دلایا ہے کہ وہ امریکا کے خلاف نہیں: امریکی رکن پارلیمنٹ

اسلام آباد/ واشنگٹن (جنرل رپورٹر) امریکی رکن اسمبلی بریڈ شرمین نے اس تاثر کی تردید کی ہے کہ وہ امریکا میں عمران خان کے لیے لابنگ کر رہے ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکا کی حکمراں جماعت ڈیموکریٹ کے سینئر قانون ساز رکن بریڈ شرمین نے کہا ہے کہ سابق پاکستانی وزیر اعظم عمران خان نے یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ امریکا کے خلاف نہیں ہیں۔ کیلیفورنیا سے (بقیہ نمبر 43)


لاہور: شیخ رشید نے نگران وزیر اعلیٰ کو عہدے سے ہٹانے کے لیے انٹرا کورٹ اپیل دائر کردی

# گوجرانوالہ میں کلینک پر تاخیر سے پہنچنے پر مریض نے ڈاکٹر کو قتل کر دیا

## ملزم نشے کا عادی ہے، فائرنگ کے بعد ملزم موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا

گوجرانوالہ (خبر نگار) گوجرانوالہ میں کلینک پر تاخیر سے پہنچنے پر مریض نے ڈاکٹر کو قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجرانوالہ میں ایک انتہائی افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں پر مریض نے ڈاکٹر کو تاخیر سے کلینک آنے پر قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق علاقہ فیروز والا نئی آبادی میں ملزم کی فائرنگ سے ڈاکٹر جاں بحق ہوا۔ مقتول نے محلے میں ہی کلینک کھول رکھا تھا۔ علی رضا نامی شخص نے ڈاکٹر کو فون کر کے کلینک پہنچنے کا کہا۔ ڈاکٹر کے تاخیر سے آنے پر جھگڑا شروع اور ملزم نے فائرنگ کر کے ڈاکٹر کو ابدی نیند سلا دیا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ ملزم نشے کا عادی ہے۔ فائرنگ کے بعد ملزم موقع (بقیہ نمبر 48)

# فیصل آباد، عدالت کا ملزم کی عدم حاضری پر ضامن کی جائیداد قرق کرنے کا حکم

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) عدالت نے ملزم کی عدم حاضری پر ضامن کی جائیداد قرق کرنے کا حکم دیا تو ضامن کی طرف سے جمع کروائی گئی فرد جمعبندی بوگس نکلنے پر ضامن کے خلاف (بقیہ نمبر 47)

# ملک بھر میں انتخابات وقت مقررہ پر ہی ہونے چاہئیں' سلیم رضا

## معیشت کو گزشتہ ساڑھے چار سال میں جو نقصان پہنچا اس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی ہے

لاہور (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت این آر او کیلئے ترلے منتیں کر رہی ہے، دو صوبوں میں الگ الگ انتخابات کرا کے ملکی معیشت کی تباہی کا منصوبہ کامیاب نہیں ہونے دیں گے، ملک بھر میں انتخابات وقت مقررہ پر ہی ہونے چاہئیں تاکہ ملکی خزانہ کا نقصان (بقیہ نمبر 46)


لاہور: ممنوعہ فنڈنگ کیس، اسد عمر کو ایف آئی اے میں دوبارہ طلبی کا نوٹس جاری

# خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اتھارٹی کی کارروائی، 20 ہزار لیٹر مضر صحت مشروبات برآمد، فیکٹری سیل

پشاور (کرائم رپورٹر) خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اتھارٹی نے ضلع صوابی میں کارروائی کے دوران مشروبات کی جعلی فیکٹری سے بھاری مقدار میں غیر معیاری مشروبات برآمد کر کے فیکٹری سیل کر دی۔ فوڈ سیفٹی اتھارٹی کے اہلکاروں نے فیکٹری میں غیر معیاری مشروبات کی تیاری کے دوران 20 ہزار لیٹر سے زائد مضر صحت مشروبات برآمد کر لیے (بقیہ نمبر 50)

# مرکزی مسجد فیضان مدینہ جی ٹی روڈ گوجر خان، افطاری کا اہتمام

## خصوصی تعاون محمد طیب اینڈ طاہر محمود UK کی طرف سے کیا گیا، خصوصی دعائیں کی گئیں

گوجر خان (قمر شہزاد) الحمدللہ عزوجل مرکزی مسجد فیضان مدینہ دعوت اسلامی، جی ٹی روڈ گوجر خان میں 150 زیادہ معتکفین کے لیے افطاری اور کھانے کا بہترین اہتمام کیا گیا اجتماع کا (بقیہ نمبر 49)



# لاہور ہائیکورٹ کا 1947 سے 2001 تک توشہ خانہ کا ریکارڈ پیش کرنے کا حکم

## دوران سماعت ڈپٹی اٹارنی جنرل نصر احمد کا کہنا تھا کہ 1947 سے 1990 تک توشہ خانہ کا ریکارڈ دستیاب نہیں ہے

## لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے کہا کہ راتوں رات بل منظور ہو جاتے ہیں اور جس کے لیے بل پاس ہونے چاہئیں وہ ہوتے ہی نہیں


لاہور (خبر نگار) لاہور ہائیکورٹ نے حکومت کو 1947 سے 2001 تک کا توشہ خانہ کا ریکارڈ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد بلال حسن کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے توشہ خانہ تحائف سے متعلق 1990 سے 2001 تک کا ریکارڈ پبلک کرنے کے فیصلے کے خلاف حکومتی اپیل پر سماعت کی۔ دوران سماعت ڈپٹی اٹارنی جنرل نصر احمد کا کہنا تھا کہ 1947 سے 1990 تک توشہ خانہ کا ریکارڈ دستیاب نہیں ہے جبکہ عدالت نے کہا کہ پہلے حکم پر عمل کیا جائے اس حکم پر مکمل طور پر قائم ہیں، یہ کیسے ممکن ہے کہ اس عرصے کا ریکارڈ نہیں رکھا، یہ تو ریاست کا اثاثہ ہیں، ریکارڈ نہ ہونے کا سن کر دکھ ہوا ہے، یہ بات ہضم نہیں ہو رہی کہ ریکارڈ نہیں ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے کہا کہ راتوں رات بل منظور ہو جاتے ہیں اور جس کے لیے بل پاس ہونے چاہئیں وہ ہوتے ہی نہیں، آنے والی نسل کے لیے کیا چھوڑا، پہلی نسل نے پاکستان بنایا لیکن دوسری نسل نے کچھ نہیں کیا، بچوں کو کیا دینا ہے۔ عدالت نے کہا کہ یہ پوری قوم کا معاملہ ہے 1947 سے 2001 تک کا توشہ خانہ کا تمام ریکارڈ لے کر آئیں ورنہ اس وقت سے اب تک تمام افسروں کو عدالت میں پیش ہونا پڑے گا، چاہے وہ افسر ریٹائرڈ ہی ہو چکے ہوں۔ لاہور ہائیکورٹ نے توشہ خانہ کا تمام ریکارڈ پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے حکومتی اپیل پر سماعت مئی کے آخری (بقیہ نمبر 51)

# ایس ایچ او نیوٹان اعزاز عظیم پولیس آفیسر یا نورانی مخلوق

## ذرائع کے مطابق ایس ایچ او نیوٹان اعزاز عظیم پر اعلی افسران کا دست شفقت ہے

## معزز عدالت کے آرڈر کے باوجود ایس ایچ او نیوٹان اعزاز عظیم پر ایف آئی آر درج نہ ہو سکی

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) تھانہ نیوٹان کے ایس ایچ او اعزاز عظیم اپنی وردی کا ناجائز استعمال کرنے لگے ایس ایچ او نیوٹان اعزاز عظیم نے ہمراہ وقارا ے ایس آئی اور نامعلوم پولیس (بقیہ نمبر 56)



# طیارے کا ٹیل رن وے سے ٹکرانے کا معاملہ

## پائلٹ نے تیز ہواؤں کے باعث پہلی لینڈنگ مؤخر کرنے کا فیصلہ کیا

## پائلٹ نے غیر مستحکم لینڈنگ پر ''گو اراؤنڈ'' کو ترجیح دی اور ٹاور کو آگاہ کیا

کراچی (اسپیشل رپورٹر) اسلام آباد ایئرپورٹ رن وے پر قطر ایئرویز کیو آر 614 طیارے کا ٹیل رن وے سے ٹکرانے کے معاملے پر سول ایوی ایشن اتھارٹی نے واقعہ سے متعلق آفیشل بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ پائلٹ نے تیز ہواؤں کے باعث پہلی لینڈنگ مؤخر کرنے کا فیصلہ کیا۔ سی اے اے کے مطابق پائلٹ نے تیز ہواؤں کے باعث پہلی لینڈنگ مؤخر کرنے کا فیصلہ کیا، پائلٹ نے غیر مستحکم لینڈنگ پر ''گو اراؤنڈ'' کو ترجیح دی اور ٹاور کو آگاہ کیا۔ ترجمان سی اے اے کے مطابق دوسری بار طیارہ بحفاظت لینڈ کر گیا تاہم معائنے پر طیارے کی دم پر خراشیں دیکھیں گئیں۔ ایس او پیز کے تحت (بقیہ نمبر 52)

# عید الفطر کے موقع پر صفائی کے بہترین انتظامات کیے جائیں۔ سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر ارشاد احمد

لاہور (جنرل رپورٹر) سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر ارشاد احمد نے کہا ہے کہ عید الفطر کے موقع پر صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کیے جائیں وہ پیر کے روز سول سیکرٹریٹ میں لوکل گورنمنٹس کے چیف افسران سے ویڈیو لنک کانفرنس کر رہے تھے۔ انہوں نے چیف افسران کو ہدایات جاری کیں کہ عید کے موقع پر صاف ستھرے ماحول کو یقینی بنانے (بقیہ نمبر 54)

# لاہور کی کمرشل بلڈنگز میں منظور شدہ پارکنگ کو استعمال نہ کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی: سید اظفر علی ناصر

## عید کی چھٹیوں کے بعد پہلے ورکنگ ڈے سے تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز کر دیا جائے گا، کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا

## متعلقہ تاجر ایسوسی ایشن کی ضمانت اور جرمانے کی ادائیگی کے بعد ڈی سیلنگ ہوگی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی نے اس آپریشن کی منظوری دی ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) صوبائی وزیر ہاؤسنگ بیرسٹر سید اظفر علی ناصر اور کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کمشنر آفس میں ایک پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر لاہور کی تمام کمرشل بلڈنگز میں منظور پارکنگ مقامات کو پارکنگ کیلئے استعمال نہ کرنیوالوں کیخلاف سخت ایکشن کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں عید کے فوری بعد پارکنگ کی جگہ پر تجاوزات بنانے والوں کیخلاف گرینڈ آپریشن ہوگا۔ تمام منظور شدہ پلازے، عمارتوں پر پارکنگ کی جگہ پر تجاوزات، دکانیں، شورومز وغیرہ بنانے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور ہائی کورٹ کے احکامات پر عملدرآمد کرانے کے لیے جامع لائحہ عمل تشکیل دیا گیا ہے۔ متعلقہ تاجر ایسوسی ایشن کی ضمانت اور جرمانے کی ادائیگی کے بعد ڈی سیلنگ ہوگی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی نے اس آپریشن کی منظوری دی ہے۔ نگران صوبائی وزیر پنجاب سید اظفر علی ناصر نے کہا کہ کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا کی ٹیم (بقیہ نمبر 57)

# خیبر میں جعلی پولیس اہلکار بن کر شہریوں کو لوٹنے والا ملزم گرفتار

پشاور (خبر نگار) تھانہ حدود جمرود کے علاقے شاکس میں جعلی پولیس اہلکار بن کر لوگوں کو لوٹنے والے ملزم عطا اللہ ولد عطا الرحمٰن کو انچارج اتحاد خان نے خفیہ اطلاع پر گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم واردات کے لیے علاقے میں (بقیہ نمبر 58)

# فیصل آباد، ناراض بیوی کو ساتھ نہ بھیجنے پر مشتعل داماد کی فائرنگ، سسر کو موت کے گھاٹ اتار دیا

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) تھانہ نشاط آباد کے علاقہ سلطان نگر میں ناراض بیوی کو ساتھ نہ بھیجنے پر مشتعل داماد نے فائرنگ کر کے سسر کو موت کے گھاٹ اتار دیا، پولیس نے نعش قبضہ میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے قاتل داماد محمد احمد کی (بقیہ نمبر 55)

# ملک بھر میں پی ڈی ایم کو عبرتناک شکست ہوگی۔ ڈاکٹر شاہد صدیق

## وفاقی وزراء کی پنجاب، خیبر پختونخوا انتخابات نہ کرانے کی دھمکیاں ان کی واضح شکست کی نشانی ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) تحریک انصاف کے بانی رکن امیدوار حلقہ پی پی 160 ڈاکٹر شاہد صدیق نے کہا کہ پی ڈی ایم ٹولہ اقتدار سے چمٹے رہنے کی بجائے الیکشن کرائے، تحریک انصاف کی مقبولیت سے گھبرائی ہوئی نااہل وفاقی حکومت مسلسل الیکشن سے بھاگ رہی ہے، وفاقی وزراء کی پنجاب اور کے پی کے انتخابات نہ کرانے کی دھمکیاں ان کی واضح شکست کی نشانی ہیں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں (بقیہ نمبر 53)

# اے این پی کے صوبائی صدر ایمل ولی خان کو دھمکی

## عید کے دنوں میں عوام سے میل ملاپ میں احتیاط کریں، ڈی پی او چارسدہ

چارسدہ (خبر نگار) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے صوبائی صدر ایمل ولی خان کو دھمکی، ڈی پی او چارسدہ نے ایمل ولی خان کو آگاہ کر دیا۔ ڈی پی او چارسدہ نے رہنما اے این پی ایمل ولی خان کو آگاہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ عید کے دنوں میں عوام سے میل ملاپ میں احتیاط کریں۔ ساتھ ہی اپنے گھر اور حجرے کے کیمروں کی صحیح طرح سے نگرانی بھی یقینی بنائیں۔ اس حوالے سے ایمل ولی خان کا اپنے ایک بیان میں کہنا تھا کہ ان ہتھکنڈوں سے ڈر نہیں لگتا۔ میرا بیانیہ میرا نہیں بلکہ میرے اکابرین اور قوم کا ہے۔ اس معاملے سے قوم کو آگاہ کرنے کیلئے حقائق سامنے رکھوں گا۔ خیال رہے کہ ایمل ولی خان کو ملنے والے تھریٹس کا یہ سلسلہ نیا نہیں ہے۔ اس سے قبل بھی اے این پی رہنما کو جان سے مارنے کی دھمکیاں مل چکی ہیں۔ گزشتہ سال اے این پی خیبر پختونخوا کی ترجمان ثمر ہارون بلور نے ایک دھمکی آمیز کال کے حوالے سے آگاہ کیا تھا۔ انہوں نے بتایا تھا کہ اطلاع ملی ہے کہ ایمل ولی خان کو ختم کرنے (بقیہ نمبر 59)


# ماہِ رمضان کا آخری عشرہ بڑی فضیلت واہمیت کا خزانہ ہے: رشید احمد صابر نقشبندی

رائیونڈ (سٹی رپورٹر) ماہِ رمضان کا آخری عشرہ بڑی فضیلت و اہمیت کا خزانہ، عشرہ اخیرہ جہنم سے آزادی کا ہے، اسی عشرہ کی طاق راتوں میں سے ایک رات شبِ قدر، یا لیلۃ القدر کہلاتی ہے، شبِ قدر یا لیلۃ القدر بڑی بابرکت اور فضیلت واہمیت والی رات ہے، اس رات کی فیوض وبرکات کثرت سے کتب احادیث سے ملتی ہیں، رشید احمد صابر (بقیہ نمبر 60)


اسلام آباد: سپریم کورٹ بل پر حکم امتناع کیخلاف پاکستان بار کونسل کا کل یوم سیاہ منانے کا اعلان

# دنیا بھر میں زمین کے تحفظ کا عالمی دن ''ورلڈ ارتھ ڈے'' 22 اپریل کو منایا جائے گا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں زمین کے تحفظ کا عالمی دن ''ورلڈ ارتھ ڈے'' 22 اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد عوام کو زمین پر ماحولیاتی آلودگی اور دیگر مسائل بارے آگاہی دینا ہے۔ ورلڈ ارتھ ڈے کی (بقیہ نمبر 61)


اسلام آباد: اتحادیوں سے بات چیت شروع کی تاکہ مذاکرات کا ماحول بنائیں، یوسف رضا گیلانی

# علی زیدی کا تین روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

## ملیر کورٹ نے علی زیدی کے خلاف مقدمہ ختم کرنے کی درخواست مسترد کر دی

کراچی (سٹی رپورٹر) ملیر کورٹ میں پی ٹی آئی رہنما علی زیدی فراڈ کیس کی سماعت ہوئی۔ ملیر کورٹ میں علی زیدی کو پیش کیا گیا۔ ملیر کورٹ میں علی زیدی کے خلاف مقدمہ ختم کرنے کی درخواست مسترد کر دی گئی۔ پولیس کی جانب سے مزید تفتیش کے لیے علی زیدی کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ ملیر کی جانب سے علی زیدی کا ریمانڈ منظور کیا گیا۔ علی زیدی کے وکیل نے کہا کہ یہ کیس کریمنل نہیں سول عدالت کا بنتا ہے، ٹرانزیکشن کیسے ہوئی، ایف آئی آر اس حوالے سے بلینک ہے (بقیہ نمبر 62)

# عمران خان عدلیہ کو تقسیم کرنے کے ذمہ دار ہیں: شرجیل میمن

کراچی (سٹی رپورٹر) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے سابق وزیر اعظم پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان اداروں کو تقسیم کرنے کے ذمہ دار ہیں، ان کی وجہ سے ہی عدلیہ دو حصوں میں تقسیم ہوئی ہے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ مردم شماری پر وفاقی (بقیہ نمبر 64)

# افغانستان کی تباہی میں خلیل زاد کا کردار نمایاں ہے؛ شازیہ مری

## انہوں نے دہشتگردوں کو سوات سے باہر نکال کر زلمے خلیل زاد کے عزم کو ناکام بنا

## انہوں نے اپنے ہی ملک کو دھوکہ دینے میں میر جعفر کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ ترجمان پیپلز پارٹی

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان پیپلز پارٹی نے افغان مصالحت کے بارے میں امریکہ کے سابق خصوصی نمائندے زلمے خلیل زاد کے حالیہ بیان کی شدید مذمت کی ہے جس میں انہوں نے سابق صدر آصف علی زرداری کے خلاف بات کی ہے۔ پارٹی کی ترجمان شازیہ مری نے ایک پیغام میں کہا کہ آصف علی زرداری ایک محبِ وطن ہیں اور انہوں نے دہشتگردوں کو سوات سے باہر نکال کر زلمے خلیل زاد کے عزم کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کی تباہی میں خلیل زاد کا کردار نمایاں ہے اور انہوں نے اپنے ہی ملک کو دھوکہ دینے میں میر جعفر کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ شازیہ مری نے خلیل (بقیہ نمبر 66)

# سائلین کے مسائل کے حل کیلئے میرا دفتر ہر وقت حاضر ہے۔ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی

لاہور (سٹی رپورٹر) سیکرٹری صحت پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کے دفتر میں سائلین کو ریلیف دینے کیلئے کھلی کچہری کا سلسلہ جاری ہے۔ سائلین نے سیکرٹری صحت پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کو درخواستیں پیش کیں۔ ڈاکٹر احمد جاوید (بقیہ نمبر 65)

# پاکپتن میں لڑکی سے جنسی زیادتی میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

## خاتون آفیسر عشرت نے جنسی زیادتی کے ملزم کی گرفتاری کے لیے خود چھاپہ مارا

پاکپتن (نیوز رپورٹر) پنجاب کے ضلع پاکپتن میں خاتون پولیس آفیسر نے پندرہ سالہ لڑکی سے جنسی زیادتی میں ملوث مرکزی ملزم کو ساتھی سمیت گرفتار کرلیا۔ ڈی پی او پاکپتن طارق ولایت نے بتایا کہ ملزم مبشر شاہین کو موبائل لوکیشن ٹریس کر کے گرفتار کیا گیا، ملزم کے ساتھی رضوان نے واردات میں معاونت کی تھی۔ خاتون آفیسر عشرت نے جنسی زیادتی کے ملزم کی گرفتاری کے لیے خود چھاپہ مارا۔ (بقیہ نمبر 67)

# عید الفطر کی آمد سے قبل لاہور پولیس کا عادی اور جرائم پیشہ گداگروں کیخلاف کریک ڈاؤن مزید تیز

## رواں ماہ اب تک 693 عادی و پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کیا جا چکا ہے، سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ

## رواں سال 2295 پیشہ ور گداگروں کو حراست میں لیا گیا، 2291 مقدمات درج، سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) سربراہ لاہور پولیس ایڈیشنل آئی جی بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر لاہور پولیس کا عادی اور جرائم پیشہ گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن تیزی سے جاری ہے۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ پیشہ ور بھکاریوں کے بھیس میں جرائم پیشہ افراد مجرمانہ کارروائیوں میں ملوث پائے گئے ہیں۔ لاہور پولیس، ضلعی انتظامیہ اور چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کی مشترکہ ٹیمیں بچوں سے بھیک منگوانے والے پیشہ ور گداگروں کے خلاف کارروائیاں باقاعدگی سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ بچوں کو گداگری کے گھناؤنے دھندے میں ملوث کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے۔ شاہراہوں پر بھیک مانگنے والے بچوں کو چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ ترجمان لاہور پولیس کے مطابق رواں ماہ اب تک مجموعی طور 693 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ گرفتار گداگروں (بقیہ نمبر 63)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035